★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر27......شمارہ نمبر322 بروز منگل 18 اگست 2026ء 4 ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

خاران، نامعلوم ملزمان کی کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے علاقے میں نامعلوم ملزمان کی کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سے خاران جانے والے مسافر بس پر پکن کے مقام پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک شخص عبدالرؤف زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

دشت، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) دشت کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دشت کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے شریف نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بلاول بھٹو زرداری آج رات دبئی سے پاکستان واپس پہنچیں گے

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پیر کو رات دبئی سے پاکستان واپس پہنچیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کی وطن واپسی کے بعد اہم سیاسی ملاقاتیں متوقع ہیں اور مجلس عاملہ کا اجلاس بلائے جانے (باقی صفحہ 2 نمبر4)

وزیراعظم کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مکہ دفاعی معاہدے کی حمایت پر اظہار تشکر

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مکہ دفاعی معاہدے کی حمایت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان برادر ممالک سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ مل کر اپنے ممالک اور پورے خطے کے دفاع اور سلامتی کے (باقی صفحہ 2 نمبر3)

مطالبات کی منظوری تک سڑکوں سے نہیں اٹھیں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکمرانوں کو دو ٹوک پیغام دیا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کے خاتمہ سمیت دیگر مطالبات منظور ہونے تک سڑکوں سے نہیں اٹھیں گے۔ لاہور، کراچی، پشاور کے دھرنے پچیس کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر2)

صدر مملکت آصف علی زرداری کی شہریوں بالخصوص نوجوانوں، تعلیمی اداروں، سرکاری و نجی تنظیموں سے بھرپور حصہ لینے کی اپیل، مون سون شجرکاری مہم پر پیغام

موسم بہار شجرکاری مہم 2026 کے دوران عوام کی بھرپور شرکت حوصلہ افزا ہے، صدر زرداری

یہ قومی اقدام ماحول کے تحفظ، انحطاط پذیر خطوں کی بحالی، سرسبز اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے حامل پاکستان کی تعمیر کے لیے ہماری اجتماعی ذمہ داری کا عکاس ہے

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ موسم بہار شجرکاری مہم 2026 کے دوران عوام کی بھرپور شرکت حوصلہ افزا ہے۔ ان کاوشوں کو آگے بڑھاتے ہوئے مون سون شجرکاری مہم 2026 کے تحت ملک بھر میں دو کروڑ پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ میں اپنے شہریوں، بالخصوص نوجوانوں، تعلیمی اداروں، سرکاری و نجی تنظیموں اور مقامی آبادیوں سے التماس کرتا ہوں کہ وہ اس مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ مون سون شجرکاری مہم کے موقع پر پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر میں پاکستان کے عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ قومی اقدام ماحول کے تحفظ، انحطاط پذیر خطوں کی بحالی، سرسبز اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے حامل پاکستان (باقی صفحہ 2 نمبر1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام مشہود احمد خان ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تکمیل میں تاخیر پر اظہار برہمی، ٹیکنالوجی پارک جلد مکمل اور فعال کرنے کی ہدایت

شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں، وزیراعظم شہباز شریف

شہریوں کو سرکاری خدمات کے حصول میں سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف نے تمام سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو مزید مؤثر بنانے اور تمام سرکاری املاک کی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تکمیل میں تاخیر پر اظہار برہمی کرتے ہوئے اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے اور ٹیکنالوجی پارک کو ترجیحی بنیادوں پر فعال کرنے، تمام سرکاری املاک کی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن جلد از جلد مکمل اور تمام سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو ہم عصر تقاضوں کے مطابق مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی ہے اور کہا ہے کہ شہریوں کو سرکاری خدمات کے حصول میں سہولت فراہم کرنا حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر7)

حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے، زرین مگسی

عوام کو درپیش ہر قسم کی مشکلات کے حل میں بھرپور کردار ادا کرے

صوبائی حکومت کو عوامی مسائل کی مکمل ادراک ہے، پارلیمانی سیکرٹری

اوتھل (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت و ثقافت بلوچستان نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے اور تمام تر وسائل کو بروئے کار لا کر ان کے مسائل کو انہی کی دہلیز پر حل کرنے کے لیے ہر ممکن کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوتھل کے ایک روز (باقی صفحہ 2 نمبر9)

بلاول بھٹو زرداری کا اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی سے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کے صاحبزادے ثناء اللہ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کیپٹن (باقی صفحہ 2 نمبر6)

درخت کرۂ ارض پر حیات کی بقا اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے ناگزیر ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے جنگلات کا تحفظ اور وسیع پیمانے پر شجرکاری ضروری ہے

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ درخت ماحول کے تحفظ، ماحولیاتی توازن کے قیام اور صاف و صحت مند ماحول اور حیات کی بقا کے لئے ناگزیر ہے۔ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی، بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، پانی کی کمی، ماحولیاتی آلودگی اور سیلاب جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، جن سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے شجرکار (باقی صفحہ 2 نمبر5)

سنجاوی کے علاقے میں مسلح افراد نے پولیس چوکی کو بارودی مواد سے اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) سنجاوی کے علاقے میں مسلح افراد نے پولیس چوکی کو بارودی مواد سے اڑا دیا چوکی مکمل طور پر منہدم ہوگئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سنجاوی کے علاقے شات کٹ پولیس چوکی (باقی صفحہ 2 نمبر10)

جنوبی ایشیا میں چین کا بڑھتا اثر، بھارت کے علاقائی اثر و رسوخ کیلئے چیلنج بن گیا

پاک چین شراکت داری اور خطے میں چینی سرمایہ کاری سے نئی اسٹریٹیجک صف بندی

اسلام آباد (آن لائن) جنوبی ایشیا میں بدلتی جغرافیائی و معاشی صورتحال نے خطے کی روایتی طاقت کے توازن کو متاثر کرنا شروع کر دیا ہے، جہاں چین کی بڑھتی معاشی و اسٹریٹجک موجودگی اور پاکستان کے ساتھ اس کی گہری شراکت داری بھارت کے علاقائی اثر و رسوخ کے لیے ایک اہم چیلنج بن رہی ہے۔ عالمی میڈیا اداروں ڈی ڈبلیو کی رپورٹس کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر11)

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کی جانب سے استقبالیہ کے موقع پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ، خودمختار اور عوام دوست بنانے کیلئے جامع اصلاحات تیز کی جائیں

وزیر داخلہ کی تمام اداروں کو باہمی رابطے، تعاون اور کوآرڈینیشن مزید مضبوط بنانا ہوگا، محسن نقوی

وزارت داخلہ کے اداروں میں بنیادی اور مثبت تبدیلیاں آئی ہیں، وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے سربراہان کا اہم اجلاس

اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، باہمی رابطوں کو مؤثر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات کے پلان پر پیش رفت کا جائزہ

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ، خودمختار اور عوام دوست بنانے کے لیے جامع اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام اداروں کو باہمی رابطے، تعاون اور کوآرڈینیشن مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ جبکہ اداروں کے سربراہان کو اپنے محکموں کے دو سالہ جامع ٹرانسفارمیشن پلان بھی پیش کرنے ہوں گے۔ وزارت داخلہ کے تمام ذیلی اداروں کے سربراہان کا اہم اجلاس وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ہوا، جس میں اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے، (باقی صفحہ 2 نمبر8)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے انگلینڈ اور ویلز کی ہائی کورٹ کے جج مسٹر جسٹس مارٹن گرفتھس ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ کے تحت جاری منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات کے لیے جگہ کے تعین پر بھی بات چیت

محمود خان اچکزئی سے رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری کی ملاقات

وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ممکنہ ملاقات پر مشاورت آئینی مشاورتی خط پر حکومت کا جواب دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) محمود خان اچکزئی کی دعوت پر وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما طارق فضل چوہدری نے اپوزیشن لیڈر سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس بھی موجود تھے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر12)

بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق رپورٹ انتہائی تشویشناک ہے، سہیل آفریدی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق رپورٹ انتہائی تشویشناک ہے۔ جنید اکبر اور اسد قیصر کے ہمراہ پریس کانفرنس (باقی صفحہ 2 نمبر13)

بیگم نفیسہ خالد پارٹی کا اثاثہ تھیں، ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی: بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا پیپلز پارٹی کی رہنما بیگم نفیسہ خالد کے انتقال پر اظہار افسوس

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارٹی کی رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی بیگم نفیسہ خالد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحومہ پارٹی کا قیمتی اثاثہ تھیں اور ان کی سیاسی و جماعتی خدمات کو ہمیشہ (باقی صفحہ 2 نمبر14)

یوسف رضا گیلانی سے پیر محمد امین الحسنات شاہ کی ملاقات

بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارہ پرامن معاشرے کی بنیاد ہیں

اسلام آباد (آن لائن) سابق وزیر مملکت برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی پیر محمد امین الحسنات شاہ نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی اور مذہبی صورتحال سمیت بین الم (باقی صفحہ 2 نمبر15)

کوئٹہ مشرقی بائی پاس پر بھائی نے فائرنگ کرکے سگے بھائی کو جبکہ بھتیجے اور ماموں کے بیٹے کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی مشرقی بائی پاس پر بھائی نے فائرنگ کرکے سگے بھائی کو جبکہ بھتیجے اور ماموں کے بیٹے کو زخمی (باقی صفحہ 2 نمبر16)

ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے لیے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر مل کر کام کر رہے ہیں، وزیر مملکت خزانہ

ڈیجیٹل بینکنگ صارفین کی تعداد 13 کروڑ 70 لاکھ تک پہنچ گئی، بلال کیانی کا دعویٰ

کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگیوں کے فروغ کیلئے حکومت نے مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ (ایم ڈی آر) پر سبسڈی بھی فراہم کی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ملک میں ڈیجیٹل بینکنگ صارفین کی تعداد 13 کروڑ 70 لاکھ تک پہنچ گئی ہے، جبکہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ میں راست نظام نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ حکومت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے تجربے کو مزید آسان اور سہل بنانے پر توجہ دے رہی ہے۔ کیو آر کوڈ کے ذریعے (باقی صفحہ 2 نمبر27)

ن لیگ آزاد کشمیر میں اپنی اکثریت سے حکومت بنائے گی، رانا ثناء اللہ

پنجاب جیسی تعمیر و ترقی کا آزاد کشمیر میں آغاز کریں گے، معاون خصوصی وزیراعظم

مظفرآباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر اور مسلم لیگ ن کے رہنما رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن میں مسلم لیگ ن کو واضح برتری ملی ہے، بالخصوص نشستوں اور (باقی صفحہ 2 نمبر30)

سینیٹ کی ڈیوولوشن ذیلی کمیٹی کا اجلاس، وفاقی حکومت سے 18ویں ترمیم پر مکمل عملدرآمد کی سفارش

وفاقی حکومت کے اخراجات میں سالانہ 5 سے 6 کھرب روپے تک بچت ممکن ہے، سینیٹ ڈیوولوشن ذیلی کمیٹی

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی ڈیوولوشن ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی حکومت سے 18ویں ترمیم پر مکمل عملدرآمد کی سفارش کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ اس سے وفاقی حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر29)

پی ایم اے بلوچستان انتخابات کا شیڈول جاری

کاغذات نامزدگی 17 سے 31 اگست تک جبکہ پولنگ 12 ستمبر کو ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کے الیکشن کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر فرید احمد سالانی نے ایسوسی ایشن کے انتخابات کے لئے انتخابی شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 17 اگست سے 31 اگست تک کاغذات نامزدگی حاصل کیے جائیں گے اور 12 ستمبر کو صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک پولنگ ہوگی جس میں 200 ڈیلیگیٹس اور کونسلرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے الیکشن کمیشن کے دیگر ممبران ڈاکٹر سلطان محمد رودی، ڈاکٹر عبدالجبار اچکزئی، ڈاکٹر شہزاد واحد مینگل کے ہمراہ سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں (باقی صفحہ 2 نمبر25)

سپریم کورٹ نے قتل کے مقدمے میں دیت کی رقم کے تعین سے متعلق اہم فیصلہ محفوظ کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے قتل کے مقدمے میں دیت کی رقم کے تعین سے متعلق اہم فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر26)

وفاقی وزیر بحری امور کا پورٹ قاسم میں 400 ایکڑ رقبے پر گارمنٹس سٹی قائم کرنے کا اعلان

کراچی (آن لائن) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے پورٹ قاسم (باقی صفحہ 2 نمبر22)

بولان کے علاقے میں 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کل شروع ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کی مرمت کل شروع ہوگی سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے مطابق 12 اگست کو بولان کے علاقے (باقی صفحہ 2 نمبر28)

وزیراعظم نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کیلئے درخواستوں کی آخری تاریخ میں توسیع

فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے کا اہم پلیٹ فارم ہے، چیئرمین رانا مشہود احمد خان

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے۔ اب اہل نوجوان 31 اگست 2026 تک نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کے لیے درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ 15 سے 29 سال کی عمر کے پاکستانی نوجوان نیشنل یوتھ کونسل کے چوتھے بیچ کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ چیئرمین نیشنل یوتھ کونسل رانا مشہود احمد خان نے ایک بیان میں کہا کہ ملک بھر اور بیرون ملک مقیم پاکستانی نوجوانوں کو قومی سطح پر نمائندگی کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔ نیشنل یوتھ کونسل نوجوانوں کو پالیسی سازی (باقی صفحہ 2 نمبر23)

نال انجمن تاجران کی جانب سے بازار کمیٹی ختم کرنے اور بازار نال انتظامیہ کے حوالے کرنے کا اعلان

نال (آن لائن) نال بازار کی نگرانی کے لیے انتظامیہ فوری گشت شروع کرے نال انجمن تاجران کی جانب سے بازار کمیٹی ختم کرنے اور بازار نال انتظامیہ کے حوالے کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ایف آئی اے میں اصلاحات اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گڈز ٹرانسپورٹرز سے کامیاب مذاکرات، عبدالعلیم خان کے اعزاز میں کراچی میں پرتپاک استقبالیہ

ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کیلئے انتہائی اہم، ملکی ترقی کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے، عبدالعلیم خان

ٹرانسپورٹرز نے پرتپاک استقبال کیا، نعرے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، ملک شہزاد اعوان نے وفاقی وزیر کو سندھی اجرک بھی پہنائی

کراچی (آن لائن) گڈز ٹرانسپورٹرز سے کامیاب مذاکرات کے بعد وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کے اعزاز میں کراچی میں استقبالیہ دیا گیا، جہاں ٹرانسپورٹرز نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، نعرے لگائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کے لیے انتہائی اہم ہیں اور ملکی ترقی کے لیے ان کا تعاون ناگزیر ہے۔ ضرورت پڑنے پر وہ خود سڑکوں پر کھڑے ہو کر ٹرانسپورٹرز (باقی صفحہ 2 نمبر17)

مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ایف آئی پی وی اور او پی وی پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ایف آئی پی وی اور او پی وی پولیو مہم کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاق المدارس کے نمائندگان، پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن، محکمہ تعلیم، پولیس اور محکمہ صحت کے متعلقہ افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 31 اگست سے شروع ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر18)

بسیمہ، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں ہلاک 3 زخمی

بھاری مقدار میں دستی بم، آئی ای ڈیز، ایمونیشن اور میگزین برآمد کر کے قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے بسیمہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک اور 3 کو زخمی کرکے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں دستی بم، آئی ای ڈیز، ایمونیشن اور میگزین برآمد کرکے قبضے میں لے لیا سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکیورٹی فورسز کے عملے نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بسیمہ کے علاقے کلی زرانیک اور کاٹی کے درمیان بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر دور دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا جس میں 2 دہشتگرد مارے گئے جبکہ 3 زخمی ہوگئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے تیار آئی ای ڈیز، دستی بم، میگزین اور ایمونیشن (باقی صفحہ 2 نمبر19)

قوم شہدائے زیارت کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، نور محمد دمڑ

شہدائے زیارت نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا

سانحہ زیارت کچھ زیارت کے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختم قرآن کا روح پرور اور باوقار اہتمام کیا گیا

زیارت (خ ن) حاجی نور محمد خان دمڑ کے زیر اہتمام سانحہ زیارت کچھ زیارت کے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختم قرآن کا روح پرور اور باوقار اہتمام کیا گیا۔ محفل کا مقصد شہدائے زیارت کے ایصال ثواب، مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعائیں کرنا تھا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سی ایم ڈی اے و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی (باقی صفحہ 2 نمبر24)

تناؤ اور بڑھ گیا، بنگلہ دیش کا شیخ حسینہ کی حوالگی تک بھارت سے دوری کا عندیہ

وزیراعظم طارق رحمان کا بھارت کا دورہ سابق وزیراعظم کی حوالگی سے مشروط کر دیا گیا

دونوں ممالک کے درمیان معمول کے تعلقات کی بحالی کے لیے اس معاملے پر پیش رفت اہمیت رکھتی ہے

ڈھاکا (آن لائن) بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کی حوالگی کا معاملہ ایک بار پھر سفارتی کشیدگی کا باعث بن گیا ہے۔ بھارتی جریدے دی ہندو کے مطابق بنگلہ دیش نے واضح کیا ہے کہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی کے معاملے پر پیش رفت تک وزیراعظم طارق رحمان کے بھارت کے دورے کے امکانات نہیں ہیں، جس سے (باقی صفحہ 2 نمبر21)

جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن تیزی سے بدل رہا ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

بنگلہ دیشی وزیراعظم کا بھارت کا دورہ مسترد کرنا بھارت کیلئے بڑا سفارتی دھچکا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی

جنوبی ایشیا کے ممالک اب اپنے قومی مفادات، خودمختاری اور باہمی تعلقات کو زیادہ اہمیت دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بنگلہ دیشی وزیراعظم طارق رحمان کی بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر بھارت کا دورہ نہ کرنے کا فیصلہ جنوبی ایشیا کی بدلتی ہوئی سفارتی صورتحال میں ایک اہم پیشرفت ہے۔ یہ فیصلہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ خطے کے ممالک اب اپنے قومی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے بھارت کے ساتھ تعلقات کو از سر نو متوازن کرنے کی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

حکومتی قرضے

وفاقی حکومت کیابتدائی 28 ماہ کیدوران قرضوں میں 18 ہزار 832 ارب روپیکا اضافہ ہوا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی دستاویزات کے مطابق مارچ 2024 سے جون 2026 کے 28 ماہ کے دوران وفاقی حکومت کے مقامی قرضے میں 16 ہزار 766 ارب روپے اور بیرونی قرضے میں 2 ہزار 66 ارب روپیکا اضافہ ہوا۔ قرضوں میں اوسطاً ہر روز 22 ارب 40 روپیے زائد کا اضافہ بنتا ہے۔ دستاویزات کے مطابق نگران حکومت کے آخری مہینے فروری 2024 تک وفاقی حکومت کیقرضے 64 ہزار 810 ارب روپے تھے جبکہ گزشتہ 28 ماہ میں ہونے والے اضافے کے بعد وفاقی حکومت کا قرضہ جون 2026 تک بڑھ کر 83 ہزار 642 ارب روپے ہوگیا۔ اسٹیٹ بینک ا?ف پاکستان کی دستاویز کیمطابق فروری 2024 تک مرکزی حکومت کا مقامی قرضہ 42 ہزار 675 ارب روپے تھا جو جون 2026 تک بڑھ کر 59 ہزار 441 ارب روپے ہوا۔ اسی طرح فروری 2024 تک وفاقی حکومت کا بیرونی قرضہ 22 ہزار 134 ارب روپے تھا جو جون 2026 تک بڑھ کر 24 ہزار 201 ارب روپے ہوگیا

بقیہ 01

کی تعمیر کے لیے ہماری اجتماعی ذمہ داری کا عکاس ہے۔ صدر نے کہا کہ جنگلات پاکستان کا بیش قیمت قدرتی اثاثہ ہیں۔ یہ حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھنے، آبی گزرگاہوں میں واقع خطوں کی حفاظت، زمین کے بنجر ہونے کی جانب تدارک اور زرخیزی کو برقرار رکھنے، معیاری فضا میں بہتری، آفات کے دوران خطرات سے نمٹنے، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو زائل کرنے اور ان سے مطابقت پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلی سے جڑی آزمائش میں شدت کے پیش نظر ہمارے جنگلات کا تحفظ اور ان کے رقبے میں اضافہ ایک قومی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ ایک اہم تزویراتی ترجیح بن چکی ہے۔ صدر نے کہا کہ پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول اور پیرس معاہدے، اقوام متحدہ کے جنگلات کے حوالے سے 2017 تا 2030 تزویراتی منصوبے، اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد صحرائی پھیلاؤ اور حیاتیاتی تنوع کے کنونشن کے عملدرآمد میں اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے پُرعزم ہے۔ وفاقی حکومت، صوبائی حکومتیں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتیں، دیگر متعلقہ اداروں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر جنگلات کے تحفظ، ماحولیاتی نظام کی بحالی اور زمین کے دیرپا انتظام کو مستحکم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں۔ صدر نے کہا کہ ہمارے قومی سطح پر اقدامات، جن میں "اپ اسکیلنگ گرین پاکستان پروگرام''، مینگرووز کے ماحولی نظام کی بحالی، پائیدار جنگلاتی انتظام اور کمیونٹی پر مبنی تحفظ کے پروگرام شامل ہیں، درختوں کے رقبے میں اضافے، حیاتیاتی تنوع کے تحفظ، روزگار کے مواقع بہتر بنانے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے موثر طور پر نمٹنے کی صلاحیت پیدا کرنے میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ ان کوششوں کو جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ موجودہ جنگلات کا تحفظ اور نئے لگائے گئے درختوں کی بقا اور نشوونما یقینی بنانا بھی ضروری ہے۔ صدر نے کہا کہ ان کوششوں کے اثرات ہمارے عوام کی روزمرہ زندگی پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ درخت شہروں میں بڑھتی ہوئی گرمی کے دوران سایہ فراہم کرتے ہیں، مٹی اور آبی وسائل کے تحفظ میں مدد دیتے ہیں، سانس لینے کے لئے ضروری معیاری فضا میں بہتری لاتے ہیں اور وہیں آبادیوں کو پھل، چارہ اور دیگر وسائل فراہم کرتے ہیں۔ گرمی، پانی کی قلت اور شدید موسمی حالات کے اثرات کا سامنا کرنے والے خاندانوں، کسانوں اور مقامی آبادیوں کے لیے صحت بخش جنگلات اور سرسبز مقامات ماحولیاتی تحفظ فراہم کرنے کا ایک عملی ذریعہ ہیں۔ صدر نے کہا کہ موسم بہار شجرکاری مہم 2026 کے دوران عوام کی بھرپور شرکت حوصلہ افزا ہے۔ ان کاوشوں کو آگے بڑھاتے ہوئے مون سون شجرکاری مہم 2026 کے تحت ملک بھر میں دو کروڑ پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ میں اپنے شہریوں، بالخصوص نوجوانوں، تعلیمی اداروں، سرکاری و نجی تنظیموں اور مقامی آبادیوں سے التماس کرتا ہوں کہ وہ اس مہم میں بھرپور حصہ لیں اور، سب سے بڑھ کر، لگائے جانے والے پودوں کی حفاظت اور نشوونما کو یقینی بنائیں۔ صدر نے کہا کہ مون سون شجرکاری مہم 2026 محض شجرکاری کی ایک مہم نہیں بلکہ پائیدار ماحولیاتی ذمہ داری اور اجتماعی عمل کی دعوت ہے۔ میں تمام شہریوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنے علاقوں کے لیے مقامی طور پر موزوں شجری اقسام لگائیں اور ان کے تحفظ اور بقا کو یقینی بنائیں۔ کامیابی کا اصل پیمانہ لگائے جانے والے پودوں کی تعداد نہیں بلکہ وہ صحت افزا درخت اور جنگلات ہیں جن کی ہم برسوں تک نگرانی و نشوونما کرتے ہیں۔ صدر نے کہا کہ میں وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری، صوبائی محکمہ ہائے جنگلات، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے محکمہ ہائے جنگلات، ترقیاتی شراکت داروں، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور رضاکاروں کی جانب سے پاکستان کے جنگلات اور ماحولیاتی نظام کے تحفظ کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتا ہوں۔ آیئے، ہم سب مل کر ایک سرسبز، صاف ستھرے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لئے ہر دم تیار پاکستان کے لیے کام کریں۔ اپنے قدرتی وسائل کے تحفظ اور آج لگائے جانے والے پودوں کی نشوونما کے ذریعے ہم آنے والی نسلوں کے لیے صحت مند ماحول اور بہتر مستقبل کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں۔

پاکستان زندہ باد

بقیہ 02

۔ حکمران آئی ایم ایف کے غلام بن گئے، نظام کی ناکامی کا اعتراف ہو رہا ہے، افسر شاہی خود کو حاکم سمجھنا بند کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر جنجوعہ، ڈپٹی سیکرٹری رسل خان بابر، امیر لاہور ضیاء الدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، سیکرٹری بابر رشید اور سیکرٹری اطلاعات شکیل ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی اور آئی پی پیز کے معاہدوں کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج دوسرے روز میں داخل ہوگیا ہے۔ شدید گرمی کے باوجود لاہور کے چیئرنگ کراس پر ہزاروں افراد کا دھرنا بدستور جاری ہے۔ شرکا نے رات مال روڈ پر گزاری اور حکومت کے خلاف مسلسل نعرے لگائے گئے۔ مال روڈ پر قومی و جماعت اسلامی کے پرچم لہراتے رہے۔ شرکاء نے اعلان کیا ہے کہ پٹرول 225 روپے فی لٹر، پٹرولیم لیوی کا خاتمہ اور بجلی سستی ہونے تک دھرنا ختم نہیں ہوگا۔ اسی دوران کراچی اور پشاور کے گورنر ہاؤسز کے باہر بھی جماعت اسلامی کے دھرنے جاری ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کا مقدمہ لڑنے کے لیے سڑکوں پر نکلی ہے اور یہ دھرنا صرف جماعت اسلامی کا نہیں بلکہ ڈاکٹرز، وکلا، تاجروں، کسانوں سمیت تمام طبقات اور پچیس کروڑ عوام کا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں گھروں سے نکلیں اور احتجاج میں شریک ہوں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت ایک طرف عوام پر پٹرول بم گرا رہی ہے اور دوسری جانب بجلی مہنگی کرکے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے۔ عالمی جنگ کا بہانہ بنا کر پٹرول کی قیمتیں بڑھائی گئیں اور اب حکومت ہر اضافے کو آئی ایم ایف سے جوڑ دیتی ہے۔ حکمران آئی ایم ایف کے غلام بن چکے ہیں۔ آئی پی پیز کے معاہدوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بے نظیر بھٹو کے دور میں آئی پی پیز کا سلسلہ شروع ہوا، بعد میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی نے ان معاہدوں کو آگے بڑھایا۔ بعض کارخانوں کی پیداواری صلاحیت بھی بڑھا چڑھا کر ظاہر کی گئی، حتیٰ کہ 100 میگاواٹ کے پلانٹ کو 200 میگاواٹ ظاہر کیا گیا۔ گنے کے بھوسے سے چلنے والے کارخانوں میں بھی بے ضابطگیاں ہوئیں، آئی پی پیز کی کپیسٹی پیمنٹس (Capacity Payment) کا بوجھ عوام پر ڈالا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال کی ایک رپورٹ کے مطابق بعض صورتوں میں بجلی پیدا کرنے کی لاگت کم اور اس کی ادائیگی زیادہ رہی۔ 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین بھی پریشان ہیں جبکہ زیادہ یونٹس استعمال کرنے والوں پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ پٹرولیم لیوی پر بات کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت اپنے مقررہ ہدف سے بھی زیادہ رقم وصول کرچکی ہے اور اب تک عوام سے 8 ہزار ارب روپے سے زائد اکٹھے کیے جاچکے ہیں۔ اربوں روپے وصول کرنے کے باوجود ملکی ریفائنریوں (Refineries) کو اپ گریڈ (Upgrade) نہیں کیا گیا اور پٹرول کے ذخیرے کے لیے موثر نظام بھی نہیں بنایا گیا۔ انہوں

بقیہ 03

لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ 'ایکس' پر اپنے پیغام میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ قیادت کے باعث جنوبی ایشیا اور کروڑوں زندگیاں ایٹمی تباہی سے محفوظ رہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہمارے عوام کے بہتر اور محفوظ مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے فروغ کے لیے اپنے برادر ممالک کے ساتھ مل کر تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار جاری رکھے گا۔

بقیہ 04

کا بھی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان پہنچتے ہی بلاول بھٹو زرداری کی پارٹی رہنماؤں سے مشاورت اور بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے مرکزی مجلس عاملہ (سی ای سی) کا اجلاس بلانے کا امکان ہے۔ سی ای سی اجلاس میں پارٹی کی آئندہ سیاسی حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔ پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت کو اہم اجلاس کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کی وطن واپسی کے بعد سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آنے کا امکان ہے۔

بقیہ 05

ی کے فروغ اور جنگلات کے رقبے میں اضافے کو قومی ترجیحات میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شجرکاری کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا، جو ہر سال 18 اگست کو ملک بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ درخت نہ صرف فضا کو صاف رکھتے، آکسیجن کی فراہمی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرنے اور زمین کے کٹاؤ کی روک تھام کیلئے مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ بارش کے پانی کو زمین میں جذب کرنے، آبی ذخائر کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کی بے دریغ کٹائی اور سبز رقبے میں کمی سے زمین کی پانی جذب کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں بارشوں کے دوران سیلاب کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ، دریاؤں اور قدرتی آبی گزرگاہوں کی حفاظت اور بڑے پیمانے پر شجرکاری سیلاب کے خطرات کم کرنے اور ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے اہم اقدامات ہیں۔ اسپیکر نے کہا کہ شجرکاری محض درخت لگانے تک محدود نہیں بلکہ ان کی مناسب دیکھ بھال اور نشوونما یقینی بنانا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ انہوں نے عوام بالخصوص نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری مہمات میں بھرپور حصہ لیں اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کو اپنا قومی فریضہ سمجھیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے حکومت کی جانب سے ماحولیاتی تحفظ، جنگلات کے فروغ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری مہمات کی کامیابی کے لیے وفاقی و صوبائی حکومتوں، بلدیاتی اداروں، تعلیمی اداروں، نجی شعبے اور سول سوسائٹی کو مربوط اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ ماحول یقینی بنانے کے لیے جنگلات کے رقبے میں اضافے کے ساتھ ساتھ موجودہ جنگلات کے تحفظ، قدرتی آبی گزرگاہوں کی بحالی اور پانی کے موثر انتظام کے لیے بھی مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور قدرتی وسائل کے موثر اور پائیدار استعمال کے لیے قانون سازی کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کسی ایک ادارے یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ہر شہری کو زیادہ سے زیادہ درخت لگانے، ان کی حفاظت کرنے اور ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سرسبز پاکستان ہی صحت مند، محفوظ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ شجرکاری ماحولیاتی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات سے نمٹنے کا موثر ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ درختوں کا تحفظ اور زیادہ سے زیادہ پودے لگانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کی بحالی اور قدرتی ماحول کا تحفظ سیلاب سمیت موسمیاتی آفات کے خطرات کم کرنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پارلیمان ماحول دوست اقدامات، ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں

بقیہ 06

(ر) عبدالقادر خان اچکزئی سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے مرحوم ثناء اللہ خان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ان کے درجات کی بلندی اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمانے کی دعا کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کیپٹن (ر) عبدالقادر خان اچکزئی سمیت تمام سوگوار اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر و استقامت دے۔

بقیہ 07

کی ترجیح ہے، شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ میں جاری اصلاحات اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کی پیشرفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو شہریوں کے لیے آسان، موثر اور جدید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی اور کہا کہ شہریوں کو بروقت، شفاف اور آسان ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط انداز میں کام کریں، شہریوں کو سرکاری خدمات کے حصول میں سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے تمام سرکاری ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو ہم عصر تقاضوں کے مطابق مزید موثر بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی اور ڈیجیٹل اصلاحات میں وفاقی وزارتوں کی ای آفس پر منتقلی اب تک کی اہم ترین اصلاحات میں سے ہے۔ انہوں نے وفاقی حکومت کی تمام ماتحت اداروں اور ایس او ایز میں ای آفس کا استعمال یقینی بنانے اور سرکاری اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے وزیراعظم کی تمام سرکاری املاک کی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تکمیل میں تاخیر پر اظہار برہمی کیا۔ وزیراعظم نے وزیراعظم کی اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرنے اور ٹیکنالوجی پارک کو ترجیحی بنیادوں پر فعال کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کو چلانے کیلئے مکمل طور پر آوٹ سورس کیا جائے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ این آئی ٹی بی کی رائٹ سائزنگ کی جا چکی ہے اور اہم عہدوں پر تعیناتی ایک شفاف طریقے سے کی جارہی ہے، تمام وفاقی وزارتیں ای آفس پر منتقل ہوچکی ہیں جبکہ دیگر محکموں اور سرکاری ملکیتی اداروں میں اس کی ترویج پر کام جاری ہے۔ اجلاس میں اسلام آباد ٹیکنالوجی پارک کی تعمیر کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، شزا فاطمہ خواجہ اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 08

باہمی رابطوں کو موثر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ اصلاحات کے پلان پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ وزارت داخلہ کا کام دیگر وزارتوں سے مختلف اور غیر معمولی نوعیت کا ہے، اس لیے اس کے تمام اداروں کو مربوط اور موثر انداز میں کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ادارے ایک دوسرے کو بھرپور سپورٹ فراہم کریں اور جہاں ضرورت ہو باہمی تعاون کے ذریعے مسائل حل کیے جائیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ لینڈ پورٹ اتھارٹی سمیت نئے قائم شدہ اداروں کو مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی جبکہ تمام اداروں کو درکار وسائل بھی مہیا کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزارت داخلہ کے تمام اداروں کو جدید خطوط پر مکمل طور پر ٹرانسفارم کرنا حکومت کا ہدف ہے اور ہر ذیلی ادارے کو مثالی اور عوام دوست بنانا ہے۔ انہوں نے اداروں کے سربراہان کو ڈیٹا سکیورٹی اور سائبر سکیورٹی کے حوالے سے موثر اور جامع اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہترین سہولتوں اور معیاری خدمات کی فراہمی کے لیے تمام اداروں کو اپنے اہداف کا حصول یقینی بنانا ہوگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اداروں کو خودمختار اور بااختیار ہونا چاہیے اور انہیں اپنے فیصلے خود کرنے چاہئیں، ہر معاملہ وزارت داخلہ کو بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ جہاں قوانین میں ترامیم یا اصلاحات درکار ہوں، ان کی تجاویز فوری طور پر پیش کی جائیں۔ وزیر نے کہا کہ گزشتہ اور رواں سال حج آپریشن کے دوران منشیات اسمگلنگ کا ایک بھی کیس رپورٹ نہ ہونا اداروں کی کارکردگی میں بہتری کا واضح ثبوت ہے۔ وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا کہ وفاقی اداروں میں کام نہ کرنے کا کلچر موجود تھا، تاہم حکومت نے اس سوچ کو تبدیل کیا ہے۔ تمام اداروں کو ٹارگٹ بیسڈ، نتیجہ خیز اور کارکردگی پر مرکوز انداز میں کام کرنا ہوگا۔ اجلاس میں ذیلی اداروں کے سربراہان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی کی قیادت میں وزارت داخلہ کے اداروں میں بنیادی اور مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ اجلاس میں وزیر مملکت طلال چوہدری، سیکرٹری داخلہ، چیئرمین نادرا، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی جی اے این ایف، نیشنل کوآرڈینیٹر نیکٹا، آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی جی این سی سی آئی اے، ایم ڈی لینڈ پورٹ اتھارٹی، ڈی جی پاسپورٹ اینڈ امیگریشن، چیف کمشنر اسلام آباد و آئی جی اسلام آباد پولیس، چیئرمین سوشل میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی اور فیڈرل پراسیکیوٹر جنرل سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 09

و دورے کے دوران اوچل پاس سرکٹ میں قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندگان اور دیگر اہم شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے اس موقع پر زور دیا کہ امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے عوام کو درپیش ہر قسم کی مشکلات کے حل میں بھرپور کردار ادا کرے اور عوامی خدمات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑے۔ پارلیمانی سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت کو عوامی مسائل کی مکمل ادراک ہے اور ان مسائل کے مستقل حل کے لیے وسیع پیمانے پر عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کا وژن عوام دوست پالیسیوں پر مبنی ہے جس کے تحت بنیادی سہولیات جیسے صحت، تعلیم، پانی اور بجلی جیسے شعبوں میں بہتری لائی جا رہی ہے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے اور ان کے معیار زندگی میں اضافہ ہو۔ اس موقع پر ملاقات کے دوران سائلین نے اپنے علاقائی مسائل پارلیمانی سیکرٹری کے سامنے تفصیل سے پیش کیے۔ نوابزادہ زرین خان مگسی نے تمام درخواستوں کو غور سے سنے اور ان مسائل کو حل کرنے کے احکامات صادر کیے۔ قبائلی عمائدین اور بلدیاتی نمائندگان نے پارلیمانی سیکرٹری کے دورے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے عملی اقدامات سے عوام اور حکومت کے مابین اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ مستقبل میں بھی اس قسم کے تعاون کی امید رکھتے ہیں۔

بقیہ 10

کو نامعلوم ملزمان نے بارودی مواد سے اڑا دیا جس سے چوکی مکمل طور پر تباہ ہوگئی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 11

بنگلہ دیش سمیت خطے کے متعدد ممالک چین کے ساتھ اقتصادی اور بنیادی ڈھانچے کے تعاون کو وسعت دے رہے ہیں، جس سے جنوبی ایشیا میں نئی اسٹریٹیجک صف بندی نمایاں ہو رہی ہے۔ ڈی ڈبلیو کے مطابق بنگلہ دیش اور چین کے درمیان بڑھتے تعاون نے بھارت کی تشویش میں اضافہ کیا ہے۔ جون 2026 میں بنگلہ دیش اور چین کے درمیان 13 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے، جبکہ چینی تعاون سے مونگلا بندرگاہ کی ترقی اور آبی وسائل کے منصوبوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھ رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دریائے تیستا کے پانی اور انتظام سے متعلق منصوبے میں چین کی ممکنہ شمولیت بھی بھارت کے لیے حساس معاملہ ہے، کیونکہ تیستا بھارت اور بنگلہ دیش دونوں کے لیے اہم دریا ہے اور اس کے پانی کی تقسیم کا تنازع طویل عرصے سے دونوں ممالک کے تعلقات پر اثرانداز ہوتا رہا ہے۔ ڈی ڈبلیو کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق سلی گوڑی کوریڈور بھارت کے لیے ایک اہم جغرافیائی و اسٹریٹیجک گزرگاہ ہے، جو شمال مشرقی ریاستوں کو بھارت کے مرکزی حصے سے ملاتی ہے۔ بنگلہ دیش کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی اور ڈھاکا کے چین و پاکستان کے ساتھ بڑھتے روابط کے تناظر میں اس علاقے کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ پاکستان اور چین کے تعلقات بھی معاشی تعاون سے آگے بڑھ کر دفاع، ٹیکنالوجی، خلائی تحقیق اور مالیاتی شعبوں تک پھیل چکے ہیں۔ ڈی ڈبلیو کی جولائی 2026 کی رپورٹ کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان پانڈا بانڈز، سیٹلائٹ منصوبوں اور دیگر شعبوں میں تعاون کی نئی جہتیں سامنے آئی ہیں، اگرچہ رپورٹ نے اس شراکت داری کے فوائد کے ساتھ پاکستان کے چین پر بڑھتے انحصار کو بھی ایک اہم پہلو قرار دیا ہے۔ سی پیک کے تحت گوادر کو چین کے مغربی علاقے سے جوڑنے کا منصوبہ بھی پاکستان اور چین کی اسٹریٹیجک شراکت داری کا اہم حصہ ہے۔ ڈی ڈبلیو کے مطابق سی پیک کا بنیادی تصور چین کے مغربی صوبے سنکیانگ کو پاکستان کے ذریعے بحیرہ عرب سے جوڑنا ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور معاشی روابط میں اضافہ مقصود ہے۔ خطے میں چین کی معاشی سرگرمیوں کا دائرہ پاکستان اور بنگلہ دیش تک محدود نہیں۔ ڈی ڈبلیو کی سابقہ رپورٹس کے مطابق چین نے جنوبی ایشیا کے مختلف ممالک میں بنیادی ڈھانچے، بندرگاہوں اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے اپنے اقتصادی روابط بڑھائے ہیں، جبکہ کئی ممالک بھارت اور چین کے درمیان تعلقات میں توازن قائم رکھنے کی پالیسی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ تاہم خطے کی صورتحال کو محض بھارت کی تنہائی کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے یہ سمجھنا زیادہ اہم ہے کہ پاکستان، چین، بنگلہ دیش اور دیگر ممالک اپنے معاشی و اسٹریٹیجک مفادات کے تحت کثیر الجہتی تعلقات کو وسعت دے رہے ہیں۔ موجودہ صورتحال میں پاک چین شراکت داری اور سی پیک پاکستان کے لیے علاقائی رابطہ کاری، تجارت اور سرمایہ کاری کے اہم مواقع فراہم کرتے ہیں، جبکہ بھارت کے لیے خطے کے بدلتے سفارتی و معاشی ماحول میں اپنی علاقائی پالیسیوں کو نئے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا ایک اہم چیلنج بن چکا ہے۔

بقیہ 12

ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان رابطوں اور آئینی و سیاسی امور سمیت باہمی دلچسپی کے معاملات پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور فریقین کے درمیان مختلف امور پر سود مند تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ محمود خان اچکزئی نے وزیراعظم شہباز شریف کو ایک آئینی مشاورتی خط ارسال کر رکھا ہے، جس کے حوالے سے ملاقات میں بات چیت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی سے ہونے والی ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور اس میں سود مند گفتگو کی گئی۔ ان کے مطابق حکومت اور اپوزیشن کے درمیان بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق رائے پایا گیا۔ طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کے درمیان ممکنہ ملاقات کے لیے جگہ کے تعین کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو اس ملاقات کے حوالے سے آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کی جانب سے وزیراعظم کو بھیجے گئے خط کا جواب بھی دیا جائے گا۔ ان کے مطابق حکومت اور اپوزیشن کے درمیان رابطے برقرار رہیں گے اور بات چیت کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ ملاقات میں اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس کی موجودگی بھی اہم رہی۔ اس موقع پر سیاسی معاملات کو باہمی مشاورت اور مذاکرات کے ذریعے آگے بڑھانے کے حوالے سے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ممکنہ ملاقات حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جاری رابطہ کاری کو مزید آگے بڑھانے میں اہم پیش رفت ثابت ہوسکتی ہے۔ فریقین کے درمیان آئینی اور سیاسی معاملات پر مشاورت کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔ طارق فضل چوہدری نے واضح کیا کہ حکومت اپوزیشن کے ساتھ رابطے اور بات چیت کا سلسلہ جاری رکھے گی اور محمود خان اچکزئی کے آئینی مشاورتی خط پر وزیراعظم کو باضابطہ طور پر آگاہ کرنے کے بعد جواب بھی دیا جائے گا

بقیہ 13

کرتے ہوئے سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے ذاتی ڈاکٹرز سے تفصیلی ملاقات کی جائے گی، ذاتی ڈاکٹرز، فیملی اور وکلا سے مشاورت کے بعد آئندہ کا واضح لائحہ عمل اعلان کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے کہا کہ جب بھی ڈاکٹر فیصل اور ڈاکٹر عاصم نے بانی پی ٹی آئی کا معائنہ کیا، ان کا بلڈ پریشر نارمل رہا، تاہم سرکاری رپورٹ میں بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر 140 / 100 بتایا گیا ہے۔ سہیل آفریدی نے سوال اٹھایا کہ اگر سرکاری رپورٹ میں بلڈ پریشر 140 / 100 ہے تو حقیقت میں صورتحال کتنی خراب ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ان کے وکلا اور ذاتی ڈاکٹرز کی ملاقات نہیں کرائی جا رہی جب کہ ان کا علاج فیملی اور ذاتی ڈاکٹرز کی موجودگی میں ہونا چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو جب گرفتار کیا گیا تو وہ بالکل فٹ تھے، اس لیے ان کی خراب صحت کا ذمہ دار کون ہے، یہ سوال اہم ہے۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے کہا کہ ہمارے بار بار مطالبے کے باوجود عدلیہ نے بانی پی ٹی آئی کی صحت کا نوٹس نہیں لیا، پچیس کروڑ عوام کی آخری امید عدلیہ ہے، اگر ملک کے مقبول ترین لیڈر کو انصاف نہیں ملے گا تو عام شہری کو انصاف کیسے ملے گا؟ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ عدلیہ کو سوچنا ہوگا کہ وہ کس طرف جا رہی ہے۔ اگر عدلیہ انصاف نہیں کرے گی تو عوام انصاف کریں گے، پھر کسی کا بس نہیں چلے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کل بانی پی ٹی آئی کے کیس کی سماعت ہوگی، عدلیہ سے ایک بار پھر اپیل کرتے ہیں کہ ہم صرف انصاف مانگ رہے ہیں، کل بانی پی ٹی آئی کی فیملی سے ملاقات کرائی جائے، اس کے بعد ہی ہم مطمئن ہوں گے

بقیہ 14

یاد رکھا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے مرحومہ کے پوتے اور سٹی 42 چینل لاہور کے رپورٹر سید حسن علی سمیت سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نفیسہ خالد کی پارٹی کے لیے خدمات اور وابستگی قابل قدر تھیں اور ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا ایک بڑا نقصان ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ بیگم نفیسہ خالد نے پارٹی کے لیے بھرپور خدمات انجام دیں اور ان کی سیاسی جدوجہد و وابستگی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمانے کی دعا کی، جبکہ سید حسن علی اور دیگر لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے اور مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔

بقیہ 15

ذاہب ہم آہنگی کے فروغ اور باہمی رواداری کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ایک پرامن اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہے۔ مختلف مذاہب اور مکاتب فکر کے درمیان باہمی احترام اور ہم آہنگی کو فروغ دے کر ملک میں امن، استحکام اور قومی یکجہتی کو مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے، جو ملکی ترقی اور معاشی خوشحالی کے لیے بھی نہایت اہم ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے پیر محمد امین الحسنات شاہ کی سیاسی، سماجی اور مذہبی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک و قوم کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں اور عوامی فلاح و بہبود، مذہبی ہم آہنگی اور معاشرتی رواداری کے فروغ میں موثر کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ پیر محمد امین الحسنات شاہ نے بھی چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی سیاسی، سماجی، جمہوری اور مذہبی خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ سید یوسف رضا گیلانی نے جمہوریت کے فروغ، آئین کی بالادستی اور ملکی ترقی کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں، جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے ملک میں امن، استحکام، رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا

بقیہ 16

کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے نواحی علاقے مشرقی بائی پاس پر بلوچ خان کالونی میں ایوب نامی شخص نے گھر میں گھس کر اپنے بھائی کفایت اللہ کو قتل جبکہ دولت اور الطاف کو زخمی کردیا اور فرار ہوگیا زخمیوں میں ایک اس کا بھتیجا جبکہ دوسرا ماموں کا بیٹا بتایا جاتا ہے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 17

ز کے مسائل کا جائزہ لیں گے۔ گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے وفاقی وزیر کو سندھی اجرک بھی پہنائی۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے کہا کہ حکومت نے ٹرانسپورٹرز سے جو وعدے کیے ہیں، انہیں ہر حال میں پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ موٹروے پولیس کی جانب سے کوئی ناجائز چالان نہیں ہونے دیا جائے گا، تاہم گاڑی کی جانب سے خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی قانون کے مطابق ہوگی۔ وفاقی وزیر نے ٹرانسپورٹرز پر زور دیا کہ ایکسل لوڈ پالیسی کی خلاف ورزی نہ کی جائے، کیونکہ مقررہ حد سے زیادہ وزن لادنے سے گاڑیوں اور سڑکوں دونوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزن، رفتار اور دیگر مقررہ حدود کی پابندی ہر قیمت پر یقینی بنائی جائے گی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ وزیراعظم نے انہیں مذاکراتی کمیٹی کا چیئرمین بنا کر خصوصی ٹاسک سونپا تھا، جس میں کامیابی حاصل ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ نو روز تک گھنٹوں مسلسل مذاکرات جاری رہے اور ٹرانسپورٹرز کی قیادت نے بھی خلوص اور تعاون کا مظاہرہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز ملکی معیشت کیلئے انتہائی اہم ہیں اور ملکی ترقی کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے۔ ضرورت پڑنے پر وہ خود سڑکوں پر کھڑے ہو کر ٹرانسپورٹرز کے مسائل کا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور آئی جی موٹروے کو شاہراہوں کے دورے کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ویٹ اسٹیشنز سے متعلق ٹرانسپورٹرز کی شکایات فوری دور کی جائیں گی۔ موٹروے پولیس کی جانب سے ڈرائیورز کے لائسنس کے اجراء کا بھی انتظام کیا جا رہا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ موٹروے پولیس اور این ایچ اے کو عوام دوست ادارے بنانے کے لیے اہم پالیسیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ ملک و قوم کے مفاد میں بہترین فیصلے کرنا اور ان پر عملدرآمد یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر گڈز ٹرانسپورٹرز اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان نے حکومت اور وفاقی وزیر مواصلات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کیلئے مذاکرات میں حکومتی تعاون قابل تحسین ہے۔ استقبالیے میں اویس چوہدری ایڈووکیٹ، امداد حسین نقوی، چوہدری قمر الزمان گل، اظہر سراج، رؤف خان بالا، ملک شیر خان اور ملک حاجی فرید سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔

بقیہ 18

والی خصوصی انسداد پولیو مہم کے انتظامات اور حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔ اس مہم کے دوران کوئٹہ کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں اور مدارس میں زیرو سے 5 سال تک عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین لگانے اور قطرے پلانے کے لیے جامع پلان تشکیل دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران تمام اسکولوں اور مدارس میں موثر انتظامات یقینی بنائے جائیں اور مقررہ عمر کے تمام بچوں تک ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے والدین، مدارس کے ذمہ داران، سرکاری و پرائیویٹ اسکولوں کے سربراہان اور منتظمین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے زیرو سے 5 سال تک کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور ویکسین لازمی دلوائیں تاکہ بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ 19

سمیت دیگر سامان برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔

بقیہ 20

کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان تعلقات میں اس وقت تک بہتری کے امکانات محدود رہیں گے جب تک سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد سمیت دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی اور شہید شریف عثمان ہادی کے قتل میں ملوث ملزمان کی واپسی کے مطالبات پر عملی پیش رفت نہیں ہوتی۔ بنگلہ دیش نے دو طرفہ حوالگی کے معاہدے کے تحت بھارت سے ان افراد کی واپسی کا مطالبہ کر رکھا ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بھارتی وزیراعظم کی دعوت کے باوجود بنگلہ دیشی وزیراعظم کا دورہ نہ کرنے کا فیصلہ نئی دہلی کیلئے ایک واضح سفارتی پیغام ہے کہ خطے کے ممالک اب محض بھارتی اثر و رسوخ کی بنیاد پر اپنی خارجہ پالیسی تشکیل دینے کے لیے تیار نہیں۔ یہ فیصلہ بھارت کی علاقائی سفارت کاری اور وزیراعظم مودی کی خطے میں بھارتی قیادت کے تصور کیلئے ایک اہم چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس پاکستان کے ساتھ جنگ کے بعد بھارت کی عسکری برتری کے تاثر کو بھی دھچکا پہنچا، جبکہ بنگلہ دیش کے ساتھ بڑھتی ہوئی کشیدگی نے بھارت کی علاقائی سفارتی پوزیشن کو مزید متاثر کیا ہے۔ جنوبی ایشیا میں پیدا ہونے والی یہ صورتحال اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ خطے میں روایتی طاقت کا توازن تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ پاکستان کے نقطہ نظر سے یہ پیشرفت اس حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ جنوبی ایشیا کے ممالک اب اپنے قومی مفادات، خودمختاری اور باہمی تعلقات کو زیادہ اہمیت دے رہے ہیں۔ چین کے بڑھتے ہوئے اقتصادی اور تزویراتی اثر و رسوخ کے ساتھ ساتھ خطے کے دیگر ممالک کی آزاد خارجہ پالیسی بھی جنوبی ایشیا کے بدلتے ہوئے جغرافیائی و سیاسی منظرنامے کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو خطے میں اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کیلئے دباؤ، اثر و رسوخ اور برتری کے تاثر کے بجائے اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ باہمی احترام، خودمختاری اور مساوی مفادات کی بنیاد پر تعلقات استوار کرنا ہوں گے۔ بنگلہ دیشی وزیراعظم کا دورہ مسترد کرنا اسی بدلتی ہوئی علاقائی حقیقت کا ایک نمایاں اظہار ہے۔

بقیہ 21

دونوں ہمسایہ ممالک کے تعلقات میں موجود تناؤ مزید نمایاں ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیشی وزارت خارجہ کے ترجمان اے کے ایم شاہد کریم نے کہا ہے کہ وزیراعظم طارق رحمان کے بھارت دورے سے قبل نئی دہلی کو ایک ''موزوں ماحول'' پیدا کرنا ہوگا۔ بنگلہ دیشی حکام نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ شیخ حسینہ اور دیگر مفرور ملزمان کی حوالگی کے عمل کو تیز کرے۔ شیخ حسینہ، جو 2024 کے سیاسی بحران کے بعد بھارت میں موجود ہیں، کی حوالگی کا مطالبہ بنگلہ دیش کی نئی حکومت کی جانب سے مسلسل کیا جاتا رہا ہے۔ بنگلہ دیشی حکام کے مطابق ان کی حوالگی کا معاملہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات میں اہم حیثیت رکھتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم طارق رحمان نے رواں سال عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے ابتدائی غیر ملکی دوروں میں ملائیشیا اور چین کا انتخاب کیا، جبکہ بھارت کا دورہ تاحال نہیں کیا گیا۔ بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ کی سرکاری معلومات بھی وزیراعظم طارق رحمان کے ملائیشیا کے دورے کی تصدیق کرتی ہیں۔ بنگلہ دیش اور بھارت کے درمیان شیخ حسینہ کی حوالگی کے علاوہ بھی متعدد سیاسی اور سفارتی معاملات زیر بحث ہیں۔ تاہم حسینہ کی موجودگی اور ان کے خلاف بنگلہ دیش میں جاری قانونی کارروائی دونوں ممالک کے تعلقات میں سب سے حساس معاملات میں شامل ہیں۔ بنگلہ دیشی موقف کے مطابق بھارت کو باہمی تعلقات میں بہتری کے لیے ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جن سے باہمی اعتماد بحال ہو۔ ڈھاکا کا کہنا ہے کہ دو طرفہ تعلقات کو آگے بڑھانے کے لیے باہمی احترام، خودمختاری اور باہمی مفادات کو بنیاد بنانا ضروری ہے۔ خطے کے سیاسی مبصرین کے مطابق شیخ حسینہ کی حوالگی کا معاملہ آئندہ دنوں میں بنگلہ دیش اور بھارت کے تعلقات پر اثرانداز ہونے والا اہم سفارتی مسئلہ بن سکتا ہے، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان معمول کے تعلقات کی بحالی کے لیے اس معاملے پر پیش رفت اہمیت رکھتی ہے۔ 21

بقیہ 22

میں 400 ایکڑ رقبے پر گارمنٹس سٹی قائم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ منصوبے سے ایک لاکھ 38 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے جبکہ سالانہ 2.2 ارب ڈالر کی برآمدات متوقع ہیں۔ گارمنٹس سٹی میں اعلیٰ قدر کی حامل ملبوسات کی تیاری اور نجی سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ وزیر بحری امور کی زیرصدارت گارمنٹس سٹی کے قیام سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں منصوبے کی پیش رفت، رقبے کی تخصیص اور سرمایہ کاری کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گارمنٹس سٹی کے لیے مجموعی طور پر 400 ایکڑ رقبہ مختص کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلے میں 250 ایکڑ اراضی پر منصوبے کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں نجی سرمایہ کاری کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے، جبکہ گارمنٹس سٹی میں اعلیٰ قدر کی حامل ملبوسات تیار کی جائیں گی، جس سے ملکی برآمدات میں نمایاں اضافے کی راہ ہموار ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ برآمد کنندگان کی سہولت کے لیے گارمنٹس سٹی میں ون ونڈو نظام قائم کیا جائے گا تاکہ سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو مختلف محکموں سے متعلق امور ایک ہی پلیٹ فارم پر نمٹانے کی سہولت حاصل ہو۔ انہوں نے بتایا کہ پورٹ قاسم اتھارٹی گارمنٹس سٹی کے لیے بنیادی سہولیات فراہم کرے گی جبکہ منصوبے میں ماحول دوست ٹیکنالوجی کے فروغ کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ وزیر بحری امور کے مطابق گارمنٹس سٹی نہ صرف روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرے گا بلکہ پاکستان کی ٹیکسٹائل اور گارمنٹس مصنوعات کی عالمی منڈی میں مسابقتی حیثیت بہتر بنانے اور برآمدی آمدن میں اضافے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 23

اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے کا اہم پلیٹ فارم ہے، پاکستان کے نوجوان صرف مستقبل کے رہنما نہیں بلکہ آج کے دور کے تبدیلی کے علمبردار ہیں۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں، خیالات اور تجاویز کو ملکی ترقی کے لیے بروئے کار لانا وزیراعظم یوتھ پروگرام کا عزم ہے، نیشنل یوتھ کونسل کے ذریعے نوجوانوں کو قیادت، پالیسی سازی اور قومی ترقی کے مواقع سے جوڑا جا رہا ہے، شفاف اور میرٹ پر مبنی انتخابی عمل کے ذریعے باصلاحیت نوجوانوں کو کونسل کا حصہ بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ 31 اگست 2026 تک درخواستوں کی آخری تاریخ میں توسیع تمام اہل نوجوانوں کو نیشنل یوتھ کونسل کا حصہ بننے کا مزید موقع فراہم کر رہی ہے، نوجوان پاکستان کی ترقی کا اہم ستون ہیں، تمام اہل نوجوان آخری تاریخ میں توسیع سے فائدہ اٹھائیں اور نیشنل یوتھ کونسل کا حصہ بنیں۔

بقیہ 24

نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ وزیر موصوف نے قرآن پاک کی تلاوت کی اور شہدائے زیارت کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے ہاتھ اٹھا کر دعا کی۔ انہوں نے شہداء کے غمزدہ لواحقین کے لیے صبر جمیل، حوصلے اور استقامت کی بھی دعا فرمائی۔ تقریب میں ضلعی صدر عبدالستار کاکڑ، تحصیل صدر حبیب اللہ پانیزئی علماء کرام، قبائلی و سیاسی رہنماؤں، سرکاری افسران، معتبرین اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے اجتماعی طور پر قرآن پاک کی تلاوت کی، ختم قرآن میں حصہ لیا اور شہدائے زیارت کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ شہدائے زیارت نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا۔ قوم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ شہدا کی یاد میں منعقد ہونے والی ایسی روحانی محافل نہ صرف ایصال ثواب کا ذریعہ ہیں بلکہ شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی اور عقیدت کا بھی عملی مظہر ہیں۔ اختتام پر تمام شہدائے زیارت کے لیے اجتماعی دعائے مغفرت کی گئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی کہ وہ شہدا کی قربانیوں کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو یہ صدمہ صبر کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آخر میں شرکاء کے لیے لنگر کا خصوصی اہتمام کیا گیا اور لنگر تقسیم کیا گیا۔

بقیہ 25

پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر سینئر ڈاکٹرز ڈاکٹر عبدالرحیم بگٹی، ڈاکٹر عبدالرشید جمالی، ڈاکٹر طاہرہ کمال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فرید احمد سالانی نے کہا کہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن 1948ء سے معرض وجود میں آنے کے بعد ملک گیر نمائندہ طبی تنظیم ہے جس کا تنظیمی ڈھانچہ ملک بھر میں موجود ہے قومی سطح پر پی ایم اے صوبائی سطح پر اس کی تنظیمیں اور برانچز کام کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہماری تنظیم ملک بھر میں ڈاکٹرز کی نمائندگی پیشہ ورانہ حقوق کے تحفظ، طبی شعبے کی بہتری، ڈاکٹرز کے مسائل کے حل اور عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اہم کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی سابق صوبائی کابینہ کا دورانیہ 2022ء میں مکمل ہوگیا تھا گزشتہ 4 سال کے دوران صوبائی کابینہ کے باقاعدہ انتخابات نہیں ہوئے جس کے باعث انتخابی عمل تعطل کا شکار رہا اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اس وقت کے صدر پی ایم اے بلوچستان ڈاکٹر نور محمد قاضی نے باقاعدہ الیکشن کمیشن تشکیل دیا ہے جس کی بعد ازاں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سینٹر کی جانب سے باقاعدہ توثیق کی گئی ہے تاکہ صاف اور شفاف انتخابات یقینی بنائے جا سکیں۔ الیکشن کمیشن کے چیئرمین کی حیثیت سے ڈاکٹر فرید احمد سالانی دیگر ممبران میں ڈاکٹر سلطان محمد رودی، ڈاکٹر اسماعیل میروانی، ڈاکٹر عبدالجبار اچکزئی، ڈاکٹر شہزاد واحد مینگل شامل ہے اور ہم نے مشاورت اور غور و خوض کے بعد انتخابی شیڈول جاری کردیا ہے کاغذات نامزدگی 17 اگست سے 31 اگست تک وصول کیے جائیں گے۔ کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست شام 5 بجے تک ہیں اس کے بعد کوئی نامزدگی فارم وصول نہیں کیا جائے گا اور انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں ووٹرز کی عبوری فہرست یکم ستمبر کو آویزاں کی جائے گی اور اعتراضات 2 اور 3 ستمبر کو جمع کرائے جائیں گے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 4 ستمبر کو ہوگی اور امیدواروں، ووٹرز کی حتمی فہرست 5 ستمبر کو جاری ہوگی جبکہ کاغذات نامزدگی 7 ستمبر شام 5 بجے تک واپس لئے جا سکیں گے۔ اور پولنگ 12 ستمبر ہفتہ کی صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ انتخابات پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان کے دفتر کوئٹہ برانچ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں ہوں گے اور انتخابات پینل وائز ہوں گے اور ہر پینل کاغذات نامزدگی فارم حاصل کرنے کے لئے 50 ہزار روپے فیس جمع کرائے گا اور رجسٹرڈ ممبران کی جانب سے کاغذات نامزدگی کی باقاعدہ پروپوزر سیکنڈ تصدیق ہوگی انتخابات میں پی ایم اے بلوچستان کے باقاعدہ رجسٹرڈ اور تصدیق شدہ ڈیلیگیٹس اور کونسلرز ووٹ کاسٹ کرنے کے اہل ہوں گے اور پی ایم اے برانچ ممبری این آئی سی، پی ایم ڈی سی نمبر ہمراہ لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز انتخابی عمل کو صاف اور شفاف بنانے کے لئے انتخاب میں حصہ لے اور پینل تشکیل دیکر آگے بڑھیں تاکہ صاف اور شفاف منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کا عمل مکمل ہوسکے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے 26 اضلاع میں ہمارے نمائندے موجود ہیں جو ہر ضلع میں ڈیلیگیٹس، صوبائی اور مرکزی کونسلر جنہیں جنرل باڈی منتخب کرتی ہے اس کے بعد ڈیلیگیٹس اور کونسلرز ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ سابق کابینہ چار سال میں انتخابات نہیں کراسکی جس سے ان کی سنجیدگی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ہمارے 200 ڈیلیگیٹس اور کونسلرز حق رائے دہی استعمال کریں گے

بقیہ 26

جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ کیس میں بنیادی طور پر تین سوالات ہیں۔ دیت کی رقم کا تعین وقوعہ کے وقت ہوگا، گرفتاری کے وقت ہوگا یا سزا کے وقت ہوگا۔ انہوں نے یہ ریمارکس پیر کے روز دیے ہیں۔ جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے مجرم ندیم خان کی اپیل پر سماعت کی۔ مجرم کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ان کا موکل اپنی سزا پوری کرچکا ہے اور اب وہ صرف عرش کی رقم ادا نہ کرنے کی سزا کاٹ رہا ہے۔ پراسیکیوٹر خیبرپختونخوا ارشد حسین نے کہا کہ یہ اپنی نوعیت کا پہلا مقدمہ ہے اور رقم کے تعین سے متعلق ہائیکورٹ کا فیصلہ موجود ہے۔ ان کے مطابق آج کل دیت کی رقم ایک کروڑ ستانوے لاکھ روپے بنتی ہے۔ سماعت کے دوران جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ کیس میں بنیادی طور پر تین سوالات ہیں۔ دیت کی رقم کا تعین وقوعہ کے وقت ہوگا، گرفتاری کے وقت ہوگا یا سزا کے وقت ہوگا۔ جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا کہ قتل کرنا اگر تھوڑا مہنگا ہو تو شاید لوگ رک جائیں۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب میں آج بھی دیت کی مد میں سو اونٹ دیے جاتے ہیں۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے ریمارکس دیے کہ وقت پر فیصلہ نہ ہونا نظام کی خرابی ہے لیکن نظام کی خرابی کی سزا ملزم کو نہیں دی جا سکتی۔ پراسیکیوٹر ارشد حسین نے موقف اختیار کیا کہ ملزم کی عمر کا تعین تو گرفتاری کے وقت سے ہوتا ہے۔ عدالت نے تمام پراسیکیوٹرز کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے پر تحریری معروضات جمع کروائیں۔ بعدازاں عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا

بقیہ 27

ادائیگیوں کے فروغ کے لیے حکومت نے مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ (ایم ڈی آر) پر سبسڈی بھی فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ادائیگیوں کی ڈیجیٹلائزیشن کے شعبے میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، مرکزی سرکاری اداروں کی ڈیجیٹل ادائیگیاں 9 فیصد سے بڑھ کر 76 فیصد تک پہنچ گئی ہیں۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ کیش لیس معیشت کی جانب عملی اقدامات جاری ہیں، جبکہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے لیے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر مل کر کام کر رہے ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل ادائیگیوں کی سہولت استعمال کرنے والے تاجروں کی تعداد بھی 20 لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے، جو ملک میں ڈیجیٹل مالیاتی نظام کے بڑھتے ہوئے رجحان کی عکاسی کرتی ہے

بقیہ 28

میں 18 انچ قطر کی گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس کی وجہ سے کوئٹہ، مستونگ، مچھ، قلات سمیت دیگر علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے یاد رہے کہ سیکورٹی اداروں کی جانب سے علاقے اور مقام کی سیکورٹی کلیئرنس نہ ہونے کی وجہ سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہ ہوسکی ذرائع کے مطابق سیکورٹی کلیئرنس ہونے کے بعد کل سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا شروع کردیا جائے گا۔ مرمت مکمل ہونے کے بعد گیس کی فراہمی یقینی بنادی جائے گی یاد رہے کہ 6 روز سے گیس پائپ لائن کے متاثر ہونے کے بعد علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل ہے۔

بقیہ 29

کے اخراجات میں سالانہ 5 سے 6 کھرب روپے تک بچت ممکن ہے۔ 18ویں ترمیم پر عملدرآمد نہ ہونے سے قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ کمیٹی نے کہا ہے کہ صوبائی اور مشترکہ مفادات کونسل سے متعلق وزارتیں، ادارے اور کارپوریشنز ختم یا صوبوں کو منتقل کیے جائیں، ریلوے، تیل و گیس، پٹرولیم، بجلی، واپڈا اور بڑے بندرگاہوں کے معاملات مشترکہ مفادات کونسل میں اٹھائے جائیں۔ سینیٹ ذیلی کمیٹی کے مطابق وفاقی کابینہ کے بجائے وفاقی قانون ساز فہرست پارٹ ٹو کے معاملات مشترکہ مفادات کونسل کے ذریعے طے کیے جائیں، وفاقی بیوروکریسی کا حجم کم کرکے قومی خزانے پر غیر ضروری بوجھ ختم کیا جائے، صحت، تعلیم، خوراک، ہاؤسنگ، ثقافت اور شماریات سمیت صوبائی امور کے وفاقی ادارے ختم یا صوبوں کے حوالے کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ کمیٹی کے مطابق وفاقی حکومت کو 18ویں ترمیم کی روح اور آئین میں صوبائی خودمختاری کے اصول پر مکمل عمل کرنا ہوگا، مشترکہ مفادات کونسل کو مزید فعال بنایا جائے، اجلاس باقاعدگی سے منعقد اور صوبوں کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے، وفاقی حکومت اپنے دائرہ کار کو دفاع، خارجہ امور، خزانہ، قانون اور دیگر آئینی وفاقی شعبوں تک محدود کرے، وفاقی حکومت کے غیرضروری اخراجات سے بچنے والے 5 سے 6 کھرب روپے صوبوں کو منتقل کیے جا سکتے ہیں، وفاق پاکستان چاروں صوبوں کی وفاقی اکائی ہے، اسے مرکزی نظام میں تبدیل نہ کیا جائے، 18ویں ترمیم پر مکمل عملدرآمد سے پاکستان کی قرضوں پر انحصار کی ضرورت کم ہوسکتی ہے، 18ویں ترمیم پر مکمل عملدرآمد سے بے روزگاری، ناخواندگی اور پسماندگی کے خاتمے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ 30

پونچھ ڈویژن میں الیکشن کے بعد ہماری دو تہائی اکثریت ہونے کی توقع ہے

بقیہ 01

ال، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر نور باچا، جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی ترجمان ولاور خان کاکڑ، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما سردار اکبر خان ترین، سردار حبیب الرحمن دومڑ، سردار قاسم خان سارنگزئی، سردار فرید اللہ دومڑ، حاجی عبدالفیاض، مولانا عصمت اللہ سالم، جمیل پشتون، صاحبزادہ نجیب اللہ، سردارزادہ عیسیٰ خان، محمد نسیم پانیزئی، نصیب اللہ کاکڑ، سرور شیوزئی، حاجی عبدالعزیز، مولوی شریف اور یار الدین کاکڑ سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، جبکہ ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی نے جلسے میں متفقہ قراردادیں پیش کیں۔ مقررین نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء زیارت کی عظیم قربانی نے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین اور عوام کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور ان کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی اور عوام کے جائز مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ مقررین نے بارہ روزہ منظم، پرامن اور جمہوری دھرنے کے انعقاد پر دھرنا کمیٹی کے منتظمین اور شرکاء کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ زیارت کے عوام نے ثابت کیا ہے کہ وہ اپنے آئینی، جمہوری اور اجتماعی حقوق کے لیے متحد ہو کر پرامن جدوجہد کر سکتے ہیں۔ دھرنے نے ایک نئی جمہوری روایت قائم کی ہے جسے ہر سطح پر سراہا جانا چاہیے۔ مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شہداء کے لواحقین اور آل پارٹیز کے ساتھ کیے گئے معاہدے پر من وعن اور فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے میں ایف سی کی واپسی کا وعدہ کیا گیا تھا، مگر اس کے برعکس زیارت میں سیکیورٹی کے نام پر عوامی اور قبائلی زمینوں پر غیر قانونی تعمیرات اور قبضے کی کوششیں جاری ہیں، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ زیارت کے تاریخی اور عالمی اہمیت کے حامل جونیپر کے قدیم جنگلات کی کٹائی انتہائی تشویشناک، ماحول دشمن اور ناقابل تلافی نقصان ہے۔ سیکیورٹی کے نام پر تاریخی جنگلات اور عوامی زمینوں کو نقصان پہنچانے کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ قومی و بین الاقوامی ماحولیاتی ادارے اور متعلقہ حکام اس سنگین صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور جونیپر کے قدرتی ورثے کا تحفظ یقینی بنائیں۔ جلسے کے شرکاء نے شہداء کے لواحقین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مطالبات کے حق میں پرجوش نعرے لگائے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شہداء کے خون، عوام کے حقوق، قبائلی اراضی اور زیارت کے قدرتی و تاریخی ورثے کے تحفظ کے لیے پرامن جمہوری جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ جلسے سے قبل شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی، دعا اور لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 02

ٹری خالق داد وطنیال نے سرانجام دی۔ اجلاس سے مرکزی سینئر ڈپٹی چیئرمین ارشد لالا ایڈووکیٹ اور صوبائی صدر جانان افغان نے خطاب کیا۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کے صوبائی کمیٹی کا اجلاس ایسے وقت میں ہو رہا ہے کہ پشتونخوا وطن میں بدامنی کا دور دورہ ہے ملک کے دیگر حصوں سندھ کراچی اور پنجاب میں پشتونوں کے سر اور مال کا کوئی تحفظ نہیں آئے روز پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں۔ انہوں کہا کہ پشتونخوا وطن کو ایک بار پھر جنگ کا میدان بنانے کی کوششیں جاری ہے ایسے حالات پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے کارکنوں کی ذمہ داری ہے کہ وقت پر اپنے صفوں کو برابر کرے اور تنظیمی کو فعال بنانے میں اپنی توانائیاں صرف کرے۔ انہوں نے جنوبی پشتونخوا میں زیارت اور ہنہ اوڑک میں دہشتگردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ غمرازی اور ہمدردی کا اظہار کیا اور جنوبی پشتونخوا کے عوام کو منظم دھرنا احتجاج پر داد دی انہوں نے کوئٹہ سے کراچی اور پنجاب شاہراہوں پر دہشتگردی کے واقعات اور کراچی میں کراچی انتظامیہ کا پشتونوں کے ہوٹلوں پر چھاپوں اور گرفتاریوں اور تشدد اور اسلام آباد میں گزشتہ دنوں صوابی کے یونیورسٹی کے طالب علم کو قتل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے سندھ حکومت کو کراچی انتظامیہ کے اس ظالمانہ رویے کے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا اور اسلام آباد میں صوابی کے نوجوان طالب علم کے قاتلوں کو گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے جنوبی پشتونخوا میں پشتونوں کو درپیش بدامنی کیخلاف پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی جانب سے 31،30 اگست اور یکم ستمبر کو جنوبی پشتونخوا کوئٹہ میں جرگہ کے انعقاد کو سراہا اور پشتونخوا وطن کے سیاسی رہنماؤں، وکلا، ڈاکٹرز، اساتذہ، کاروباری قبائلی شخصیات جرگہ میں شرکت کرکے جرگہ کو کامیاب بنائے جنوبی پشتونخوا کے عوام ایک متفقہ موقف سے ریاستی اداروں سے امن قائم کرنے اور پشتونوں کے سر اور مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے لائحہ عمل بنانے کا بہترین موقع فراہم کیا ہے۔ انھوں نے صوبائی کمیٹی ممبران کو کامیاب اجلاس کے انعقاد پر مبارکباد دی۔ اجلاس میں پنجاب کے صوبائی سینئر نائب صدر ایمل خان مندوخیل، صوبائی نائب صدر حاجی حکیم حریفال، جنوبی پشتونخوا کے صوبائی اطلاعات سیکرٹری نصیر ننگیال، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سابق سینیٹر سردار شفیق ترین، جنوبی پشتونخوا کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری دوست محمد لونی اور خیبر پشتونخوا کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری سلیم لالا نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 03

کے چچا تھے۔ ان کی فاتحہ خوانی سریاب روڈ، ایل آر بی ٹی ہسپتال کے سامنے، فیصل ٹاؤن، مسجد اقصیٰ میں جاری ہے۔

بقیہ 04

بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی، سیکرٹری بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر نیاز ترین، ڈائریکٹر ادارہ نصابیات نعمت اللہ خان کاکڑ، ڈائریکٹر پائٹ فاطمہ مندوخیل کے علاوہ محکمہ تعلیم کے مختلف مضامین کے بک رائٹرز (آتھر) اور کتابوں کے جائزہ لینے والے پروفیسرز، اسسٹنٹ پروفیسرز کے ساتھ ساتھ محکمہ کے پی ایچ ڈی ڈاکٹرز کے علاوہ محکمہ تعلیم کے ماہرین اعلیٰ حکام بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے آفیسران نے شرکت کی۔ سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر نے کہا کہ معیاری اور موثر درسی کتب کی تیاری تعلیمی نظام کی بہتری میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ طلبہ کو معیاری، آسان فہم، تحقیقی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی مواد کی فراہمی کے لیے کتابوں کے اتھر (بک رائٹرز)، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی ورکشاپ کا بنیادی مقصد کتابوں کی تیاری کے مختلف مراحل سے وابستہ ماہرین کی استعداد کار کو بہتر بنانا، جدید تعلیمی اصولوں سے آگاہی فراہم کرنا اور درسی کتب کے معیار، مواد، زبان، اسلوب اور تعلیمی افادیت کو مزید موثر بنانا ہے۔ ڈاکٹر گلاب خان خلجی نے کہا کہ درسی کتاب محض معلومات کا مجموعہ نہیں بلکہ طلبہ کی فکری، علمی اور تخلیقی صلاحیتوں کی تشکیل کا اہم ذریعہ ہے، اس لیے اس کی تیاری میں معیار، درستگی، تحقیق، زبان و بیان اور طلبہ کی عمر اور تعلیمی سطح کو خصوصی طور پر مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے تربیتی ورکشاپ کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے تربیتی پروگراموں کے ذریعے کتاب کی اتھر (رائٹرز)، ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کو جدید طریقہ تدریس، نصابی ضروریات اور موثر تعلیمی مواد کی تیاری کے حوالے سے اپنی صلاحیتیں مزید بہتر بنانے کا موقع ملتا ہے۔ چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ صوبے کے طلبہ کو معیاری اور جدید تعلیمی کتب کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتا رہے گا اور درسی کتب کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ماہرین تعلیم، کتب اتھر اور دیگر متعلقہ شعبوں کے ماہرین سے استفادہ کیا جائے گا۔ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے دوران شرکاء کو درسی کتب کی موثر تحریر، تدوین، جائزہ، مواد کی درستگی، زبان و بیان کی بہتری اور جدید تعلیمی تقاضوں کے مطابق نصابی مواد کی تیاری کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر نے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے آفیشل ویب سائٹ کا بھی افتتاح کیا جو کہ مکمل نصاب کی ای بکس ویڈیوز کورسز، نصاب کا ریکارڈ اور پروفیسر، ڈاکٹرز، لیکچرر تک رسائی فراہم کی جائے اور ویب سائٹ میں اہم خصوصیت یہ بھی ہیں کہ طلباء اور اساتذہ آپنے مطالعہ کردہ مواد پر اپنی رائے اور تاثرات دینے کیلئے فیڈ بیک اور ریویو فراہم کرسکیں گے جس سے اساتذہ اور دیگر طلباء کو مفید معلومات حاصل ہوگی جو کہ صوبے بھر کے تمام بچوں کو یکساں تعلیمی موقع ملینگے تاکہ وہ اپنے روشن مستقبل کی بنیاد رکھ سکیں

بقیہ 05

ن سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ حاجی خان محمد بزنجو نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی بلوچستان میں مخلوط صوبائی حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور انکے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اڑھائی سال کے دوران صوبے میں تمام غیر فعال اسکولوں اور ہسپتالوں کو فعال کرکے وہاں اساتذہ اور ڈاکٹروں کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے اور ہسپتالوں میں داخل مریضوں کو بلا امتیاز مفت ادویات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر علاقوں کو عوام کو آرام دہ سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے گرین اور پنک بس سروس شروع کی گئی ہے اور جلد ہی کوئٹہ سے کچلاک تک عوام کو سفری سہولت کیلئے پیپلز ٹرین بھی شروع کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتحادیوں کے ساتھ ملکر صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے کام کر رہے ہیں اور تاریخ میں پہلی مرتبہ موجودہ حکومت نے تمام حلقوں کو یکساں بنیادوں پر فنڈز کی فراہمی یقینی بنائی ہے جس سے صوبے بھر میں ترقیاتی کاموں پر تیزی سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی کی موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں اپنے پانچ سال پورے کریگی۔

بقیہ 06

ئید وحمایت، حوصلہ افزائی اور اسے موثر انداز میں عوام اور متعلقہ حلقوں تک پہنچانے والے تمام معزز ساتھیوں، وکلاء، سول سوسائٹی، صحافی برادری، حب کے تمام پریس کلبز، پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور حق و انصاف کی آواز بلند کرنے والے تمام احباب کا ہم تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب صدر حمل خان مری و جنرل سیکرٹری آصف علی بلوچ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب صدر ایڈوکیٹ حمل خان مری اور جنرل سیکرٹری ایڈوکیٹ آصف علی بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ ہم حب سٹی پولیس اور وکلا برادری کے حالیہ معاملے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے اصولی مؤقف کی تائید وحمایت، حوصلہ افزائی اور اسے مؤثر انداز میں عوام اور متعلقہ حلقوں تک پہنچانے والے تمام معزز ساتھیوں، وکلا، سول سوسائٹی، صحافی برادری حب کے تمام پریس کلبز، پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور حق و انصاف کی آواز بلند کرنے والے تمام احباب کا ہم تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں ہم خصوصی طور پر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان (بلوچستان) بلوچستان بار کونسل، بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، کراچی بار ایسوسی ایشن، سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور بلوچستان بھر کی تمام معزز بار ایسوسی ایشنز کے شکر گزار ہیں، جنہوں نے اس معاملے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے اصولی مؤقف کی بھرپور حمایت کی اور وکلا کے اتحاد و یکجہتی کا عملی ثبوت دیا ہم بلوچستان بھر کے تمام پریس کلبز، صحافتی اداروں، میڈیا ہاؤسز، صحافیوں، رپورٹرز، کیمرہ پرسنز اور میڈیا ورکرز کا بھی خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے اس معاملے کو ذمہ داری کے ساتھ اجاگر کیا، ہماری آواز کو عوام اور متعلقہ حکام تک پہنچایا اور حقائق کو سامنے لانے میں اپنا مثبت کردار ادا کیا آپ تمام حضرات کی حمایت، تعاون اور حوصلہ افزائی ہمارے لیے نہ صرف باعث حوصلہ ہے بلکہ اس امر کا واضح ثبوت بھی ہے کہ وکلا برادری اپنے وقار، عزت نفس اور اصولی مؤقف کے تحفظ کے لیے متحد و یکجا ہے آپ سب کی حمایت اور تعاون ہمارے لیے باعث فخر ہے اور وکلا کے اتحاد و یکجہتی کی مضبوط علامت ہے۔

بقیہ 07

منظور شہید کے علاقے مشرقی بائی پاس مقامی پلازے کے قریب فائرنگ کے نتیجے میں مقصود سکنہ بائی پاس موقع پر جاں بحق جبکہ علی قادر زخمی ہو گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس کے مطابق واقعہ دیرینہ رنجش بتائی جاتی ہے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 08

ہے کہ سانحہ زیارت کی تحقیقات کے لیے تشکیل دیے گئے جوڈیشل کمیشن کو مکمل طور پر آزادانہ، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کا موقع فراہم کیا جائے، تاکہ کوئی بھی قوت کمیشن کی تحقیقات پر اثرانداز نہ ہو۔ کمیشن مقررہ دو ماہ کے اندر اپنی رپورٹ مکمل کرکے اسے عوام کے سامنے پیش کرے اور سانحہ میں ملوث تمام کرداروں کو قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ حکومت آل پارٹیز اور شہداء کے لواحقین کے ساتھ کیے گئے معاہدے پر مکمل اور من وعن عملدرآمد یقینی بنائے۔ 3۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ عام مطالبہ کرتی ہے کہ لیویز فورس کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور اسے جدید خطوط پر مکمل تربیت، جدید اسلحہ، ضروری آلات اور بکتر بند و دیگر ضروری گاڑیاں فراہم کی جائیں، تاکہ فورس اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں انجام دے سکے۔ 4۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ زیارت، زیزری، پیچڑی، خلیفت، کچھ، احمدون، زرغون غر، ہرنائی اور دیگر ملحقہ علاقوں کو مسلح دہشت گردوں سے فوری طور پر پاک کیا جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ 5۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ زیارت اور دیگر علاقوں سے ایف سی کے انخلا کا فوری بندوبست کیا جائے اور مقامی انتظامیہ و قانون نافذ کرنے والے اداروں کو امن و امان کی ذمہ داریاں موثر طور پر سونپی جائیں۔ 6۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ ایف سی کی جانب سے حنذی سر، پراسپیکٹ پوائنٹ، کوٹی سر اور دیگر علاقوں میں مبینہ غیر قانونی قبضے اور تعمیرات کا فوری نوٹس لیا جائے، غیر قانونی تعمیرات ختم کی جائیں اور تعمیرات کے دوران جونیپر کے سینکڑوں قیمتی و تاریخی درختوں کی کٹائی کی مکمل اور غیر جانب دارانہ انکوائری کرائی جائے۔ 7۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ سانحہ 7 زیارت میں مبینہ غفلت، کوتاہی اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے ڈپٹی کمشنر زیارت اور ڈی ایس پی کو فوری طور پر معطل کرکے تحقیقات میں شامل کیا جائے اور تحقیقات مکمل ہونے تک انہیں عہدوں سے الگ رکھا جائے۔ 8۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی ہے کہ ضلع زیارت کے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تھانوں، چوکیوں اور اسٹیشنوں کو فوری طور پر فعال کیا جائے اور انہیں جدید سیکیورٹی آلات، مواصلاتی نظام، گاڑیاں اور دیگر ضروری وسائل فراہم کیے جائیں، تاکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں مؤثر طریقے سے ادا کرتے ہوئے فورسز اور عوام دونوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنا سکیں۔ 9۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ ضلع زیارت کو گیس اور بجلی کی مسلسل معطلی اور خانوزئی کراس سے سنجاوی تک سڑک کی تعمیر میں غیر معمولی تاخیر نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ لہٰذا مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ضلع زیارت کو فوری طور پر بلاتعطل گیس اور بجلی فراہم کی جائے اور خانوزئی کراس تا سنجاوی روڈ کی تعمیر بلا تاخیر مکمل کی جائے۔ 10۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ عام مطالبہ کرتی ہے کہ تمام پولیس ملازمین کو ان کے متعلقہ یونین کونسل یا قریبی علاقے کے پولیس اسٹیشن میں تعینات کیا جائے، تاکہ مقامی سطح پر پولیس اور عوام کے درمیان بہتر رابطہ قائم ہو اور امن وامان کی صورتحال کو مؤثر بنایا جا سکے

بقیہ 09

ایک بار پھر دکی جانیوالی گاڑی کو بارودی مواد کے ذریعہ اڑایا گیا جس کے نتیجے میں دو افراد شہید جبکہ تین زخمی ہوئے اور اس سے قبل بھی ایک واقعہ میں ریاض کاکڑ کو شہید کیا گیا تھا جس کا خاندان آج بھی انصاف کے منتظر ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت عوام کے سر و مال کی تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اعتراف کی بجائے ریاستی رٹ کے دعوے محض عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے برابر ہیں۔ اسی طرح سیکورٹی فورسز جنہیں سالانہ اربوں روپے عوام کے خزانے سے فنڈز دیے جاتے ہیں، سینکڑوں چیک پوسٹوں، جدید کیمروں، جگہ جگہ ناکوں، عوام کی تلاشی تضحیک کے عمل، گھنٹوں گھنٹوں قطاروں کے باوجود امن کے قیام میں ناکامی سیکورٹی فورسز کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ کوئٹہ کراچی شاہراہ پہلے ٹریفک حادثات کے باعث خونریز بن چکی تھی اب امن وامان کی ابتر صورتحال، بدامنی، لاقانونیت، چوری، ڈکیتی، اغواء کاری، قتل و غارت، مسلح جتھوں کے باعث خونریزی کے واقعات جاری ہیں اور حکومت خود کو اس سے بری الذمہ نہیں قرار دے سکتی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پشتونخوا اور صوبے کے تمام اضلاع میں اس وقت امن وامان نہیں رہی، مسلح جتھوں کے ذریعے جن کی سرپرستی خود حکومت کررہی ہے عوام کو یرغمال بنا کر انہیں ایک جانب لوٹا جا رہا ہے اور دوسری جانب عوام کا خون ناحق بہایا جا رہا ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ان تمام دہشت گردانہ واقعات کی مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ امن وامان کے قیام اور تمام عوام کے سر و مال کو تحفظ دینے کے لیے اقدامات کیئے جائیں۔ بیان میں تمام واقعات میں متاثر ہونیوالے خاندانوں سے پارٹی دکھ و افسوس کا اظہار کرتی ہے اور ان کے ساتھ غم کی اس گھڑی میں برابر کی شریک ہیں۔

بقیہ 10

کستان کی ترقی و خوشحالی کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ پاکستان ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں، جدوجہد اور قائداعظم محمد علی جناح کی مدبرانہ قیادت کے نتیجے میں وجود میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے اور طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنی تمام تر توجہ تعلیم، کردار سازی، نظم و ضبط اور مثبت سوچ پر مرکوز کریں۔ ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، محنت اور قومی جذبے کے ساتھ ادا کریں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی ترقی صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی، بھائی چارے، رواداری اور قانون کی پاسداری کو فروغ دینا ہوگا۔ بلوچستان کے نوجوان بالخصوص تعلیم، ٹیکنالوجی، تحقیق اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے ملک کی تعمیر و ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ آزادی کی نعمت کو سمجھیں اور اپنے کردار و عمل سے پاکستان کو مضبوط بنانے میں حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں تعلیم میرٹ، انصاف، امن اور ترقی ہر شہری کے لیے بنیادی ترجیحات ہوں۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں گے۔

بقیہ 11

ئی منصوبوں پر پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو اپنے مالی سال کے اندر وقت مقررہ سے بھی پہلے مکمل کرنا محکمہ مواصلات و تعمیرات کی اولین ترجیح ہے انہوں منصوبے کی تکمیل کے رفتار پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اہم نوعیت کی منصوبوں پر سست روی کسی بھی صورت برداشت نہیں اور سخت ہدایت دیں کہ تمام منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز اور بہتر بنائیں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں ان منصوبوں کی تکمیل سے یہ علاقے ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن ہوں گے ان علاقوں کا رابطہ آسانی سے شہروں کے ساتھ ہوگا جسکا فائدہ ان علاقوں میں رہنے والے تمام مکتبہ فکر کے افراد کو ہوگا سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے کہا کہ صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی بدولت صوبے میں ترقی اور خوشحالی آئیگی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے مزید کہا کہ صوبے کے دور افتادہ علاقوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد میسر ہونگے

بقیہ 12

کوچ کو روک کر مسافروں سے موبائل فونز، نقدی اور قیمتی سامان لوٹ لیا اور فرار ہوگئے۔ واقعہ کے خلاف ٹرانسپورٹروں اور مسافروں نے روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا پولیس نے ٹرانسپورٹروں مذاکرات کئے اور یقین دہانی پر احتجاج ختم کردیا اور روڈ کو ٹریفک کی آمد ورفت کے لئے کھول دیا۔

بقیہ 13

اکٹھی کرنے کے بعد پولیس نے مشتبہ افراد کو حراست میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ یہ بات انہوں نے پولیس لائن پشین میں میڈیا ہاؤس پشین کے نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی) یوٹیز (محمد اکبر غضنفر کنگی، عتیق الرحمن، ایس ایچ او چوہدری محمد ادریس سمیت واپڈا اہلکار شریک تھے۔ سید عظمت حسین شاہ گیلانی نے کہا کہ چوروں کا ایک منظم نیٹ ورک شہر اور اطراف میں سرکاری ٹیوب ویلوں سمیت مختلف مقامات سے واپڈا کے بجلی ٹرانسفارمرز اور تاریں چوری کرتے تھے، اطلاع ملنے پر پولیس ٹیم نے ایک گودام پر چھاپہ مار کر تین ٹرک مبینہ طور پر چوری شدہ بجلی کے ٹرانسفارمرز اور تاریں برآمد کر کے تین افراد کو گرفتار کرلیا۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ چوری شدہ موٹر سائیکلوں اور دیگر سامان کی برآمدگی کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس نے ایسے عناصر کے خلاف بھی کارروائی کا عندیہ دیا ہے جو چوری شدہ سامان کی خرید و فروخت میں سہولت کاری کرتے ہیں۔ ایس ڈی پی او سید عظمت شاہ نے کہا کہ چوری کی وارداتوں میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہ کہ منشیات کیخلاف زیرو ٹالرنس ہوگی، گزشتہ سات ماہ کے دوران تقریباً ستر کلوگرام منشیات برآمد کرلیا گیا۔

بقیہ 14

ان کے کلیرنس پر متعلقہ افسر سائن نہیں کر رہے تھے۔ لہٰذا، مجبور ہو کر درخواست گزار نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں درخواست جمع کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا ریٹائرمنٹ سے متعلق مسئلہ جلد حل کیا جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کی کلیرنس پر سائن کرتے ہوئے درخواست گزار کا ریٹائرمنٹ سے متعلق مسئلہ حل کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 15

شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے افسران اور متعلقہ عملہ مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کر رہا، جس کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیو کلی کے رہائشیوں نے پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنیادی ضرورت کے پانی کے حصول کے لیے انہیں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اعلان کیا ہے کہ مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں وہ اپنے آئینی و قانونی حق کے تحت پُرامن احتجاج کریں گے۔ شہریوں کا مزید کہنا تھا کہ پی ایس ڈی پی کے تحت کروڑوں روپے کی لاگت سے بننے والی واٹر سپلائی اسکیموں کے مقامات تبدیل کیے جانے سے منصوبوں کے اصل مقاصد متاثر ہو رہے ہیں۔ ان کے مطابق اسکیموں کی لوکیشن تبدیل کرنے کے معاملات کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آسکیں۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، کمانڈنٹ میوند بریگیڈ اور دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ نیو کلی میں پانی کے بحران کا فوری نوٹس لیتے ہوئے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور واٹر سپلائی اسکیموں سے متعلق شکایات کی غیر جانب دارانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں۔ شہریوں نے واضح کیا کہ اگر پانی کی فراہمی کا مسئلہ فوری طور پر حل نہ کیا گیا تو پُرامن احتجاج کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 16

خلاف ورزی پر 15 دکانداروں گرفتار تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی زیرنگرانی عالمو چوک میں آٹے کی قیمت کے کنٹرول کے حوالے سے کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران مختلف دکانداروں سے گندم کے آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور سرکاری طور پر مقرر کردہ نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنایا گیا۔ قیمت کنٹرول ایکٹ کی خلاف ورزی پر 3 افراد کو گرفتار کرلیا گیا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اس کے علاوہ اسپیشل مجسٹریٹ سریاب کی زیرنگرانی سب ڈویژن سریاب کے مختلف علاقوں ایسٹرن بائی پاس، مغل آباد اور معصوم اسٹریٹ میں پرائس کنٹرول آپریشن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 25 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، جہاں سرکاری نرخنامے کا جائزہ لیا گیا۔ مقررہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر 12 دکانداروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی اور ناجائز منافع خوری کے تدارک کے لیے قیمت کنٹرول کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 17

خدشات کو دور کرکے حکومت ترقی اور خوشحالی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کرے وسائل پر صوبوں کو اختیارات دے کرتا کہ صوبے کی عوام اپنے وسائل، افرادی قوت سے استفادہ حاصل کر سکے انہوں نے کہا کہ حکومت نئی انڈسٹریز کے قیام کے لیا اقدامات کرے بلوچستان مہنگائی، بیروزگاری سے مسائل میں اضافے کا باعث بن رہی ہے حکومت عوام کے مفاد میں فوری اور دیرپا اثرات کی حامل فیصلے کرے سابقہ حکومت پر تنقید والزامات سے بلوچستان مسائل حل نہیں ہوسکتی حکومت درپیش بحران اور بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے لے رہا ہے مسائل سے نمٹنے کے لیے آگے بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار قیام امن کے لیے سماجی اور معاشی انصاف ناگزیر ہو چکا ہے۔ جب تک معاشرے کے ہر طبقے کو برابر کے حقوق اور انصاف فراہم نہیں ہوگا۔ بلوچستان کو بدامنی، احساس کمتری اور عدم استحکام کی اس نہج پر لا کھڑا کیا ہے کہ بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سے ریاست کی رٹ چیلنج ہورہی ہے اٹھارویں ترمیم اور آئین کے تحت صوبائی خودمختاری اور قدرتی وسائل پر صوبے کے اولین حق کی باوجود محروم کر رکھا ہے قومی شاہراہوں پر عام عوام اور تاجر کی جان و مال غیر محفوظ ہے۔ حکومت بلوچستان پیچیدہ بحران پر تمام سیاسی و مذہبی قیادت کو اعتماد میں لے کر متفقہ لائحہ عمل طے کرے

بقیہ 18

معائنہ کیا فیلڈ اور مراکز میں موجود بچوں کی صحت کا جائزہ لیا گیا اور والدین میں حفاظتی ویکسی نیشن کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ مراکز میں ویکسین کی محفوظ منتقلی و سٹوریج کے لیے کولڈ چین سسٹم، آئس لائنڈ ریفریجریٹر (ILR) اور ویکسین کے موجودہ اسٹاک کا باریک بینی سے معائنہ کیا گیا ای پی آئی سائٹس پر پرمننٹ رجسٹر، مانیٹرنگ چارٹس اور ڈیلی کوریج رپورٹ کو چیک کیا گیا تاکہ ڈیٹا کی درستگی برقرار رہے طبی مراکز میں ڈاکٹرز، ویکسینیٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر ایسوٹ نے موقع پر موجود فیلڈ اسٹاف اور ویکسینیٹرز کو ہدایت کی کہ ضلع کے دور دراز اور پہاڑی علاقوں میں کوئی بھی بچہ ویکسی نیشن سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معصوم بچوں کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ڈیوٹی میں غفلت برتنے والے عملے کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 19

اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنانے، نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کرنے، گوشت اور مرغی کی فروخت کے دوران حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد اور دکانوں کے اطراف صفائی ستھرائی برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ معائنے کے دوران مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی اور صفائی کے ناقص انتظامات پر بعض دکانداروں کو جرمانے کیے گئے جبکہ بعض کو وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیاء کی فراہمی اور صاف ستھرا ماحول یقینی بنانے کے لیے بازار کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 20

مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید موثر بنانا، شہریوں کو اپنی شکایات کے اظہار کے لیے ایک آسان پلیٹ فارم فراہم کرنا اور سرکاری اداروں کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے عمل کو تیز کرنا تھا۔ اس موقع پر مختلف شعبوں سے متعلق شہریوں نے اپنے مسائل پیش کیے، جن میں بنیادی شہری سہولیات، صفائی ستھرائی، سڑکوں اور نکاسی آب، پانی، تجاوزات، ریونیو سے متعلق امور، سرکاری خدمات کی فراہمی اور دیگر انتظامی نوعیت کی شکایات شامل تھیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے شہریوں کو یقین دہانی کرائی کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں پیش کیے جانے والے مسائل کو محض شکایات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور مقررہ مدت کے اندر پیش رفت سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت، تاخیر یا غیر ضروری رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ محکمے شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے باہمی رابطے اور موثر کوآرڈی نیشن کے ساتھ کام کریں تاکہ شکایات کا مستقل اور قابل عمل حل یقینی بنایا جاسکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور انتظامیہ کی کوشش ہے کہ شہریوں کو سرکاری دفاتر کے غیر ضروری چکر نہ لگانے پڑیں بلکہ ان کی شکایات اور مسائل کو ان کی دہلیز پر ہی مؤثر انداز میں حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریاں عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے کم کرنے اور مسائل کے فوری حل کا اہم ذریعہ ہیں۔ مہراللہ بادینی نے مزید کہا کہ عوامی خدمت اور شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انتظامیہ اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے پرعزم ہے اور کھلی کچہریوں کے ذریعے عوامی مسائل کی براہ راست نشاندہی اور ان کے حل کی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

ایسوی ایٹ ڈگری (بی ایس پانچواں سمسٹر) کے 13 پروگرامز کے علاوہ پی ایچ ڈی کے 4 پروگرامز اور ایم فل، ایم ایس اور ایم بی اے کے 12 پروگرامز میں داخلے جاری ہیں۔ مستحق اور ذہین طلبہ کے لیے متعدد اسکالرشپس اور مالی امداد کی سہولیات بھی دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی میں طلبہ کے لیے چوبیس گھنٹے تیز رفتار انٹرنیٹ، ہاسٹلز، ٹرانسپورٹ، سمارٹ کلاس روم، جدید لیبارٹریز اور اے آئی لیب کی سہولیات بھی موجود ہیں۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق درخواست فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ کے علاوہ یونیورسٹی کے مین کیمپس (داخلہ سیل) یا سٹی کیمپس (لاء ڈیپارٹمنٹ) سے حاصل اور جمع کیے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائیٹ ملاحظہ کریں:

2027spring for open admission/ uot.edu.pk https

آن لائن اپلائی کے لئے وزٹ کریں admissions.universityofturbat.com https مزید معلومات کے لئے درج ذیل فون نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ 0852400514-

0852400539،0852400529

بقیہ 22

سٹرکٹ بار ایسوی ایشن صدر حمل خان مری تفصیلات کے مطابق حب ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن کے وکلاء برادری اور پولیس کے درمیان اختلافات خوش اسلوبی سے ختم ہوگیا ہے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، سول، ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل، ڈی آئی جی پولیس لسبیلہ ڈویژن، ایس پی حب مرزا بلال حسن ضلع حب پولیس اسٹیشن تمام ایس ایچ اوز کا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ حب آمد موقع پر ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن حب وکلاء برادری سے ملاقات کی حب بار ایسوی ایشن وکلاء برادری اور پولیس کے درمیان گزشتہ دنوں سے جاری اختلافات خوش اسلوبی سے ختم ہوگئے ڈی آئی جی پولیس لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی نے پولیس اور وکلاء کے درمیان باہمی تعاون اور بہتر اور خوشگوار روابط پر زور دیا ڈی آئی جی عبدالقیوم پتافی نے وکلاء برادری کے درپیش اہم مسائل بغور سنے ڈی آئی جی پولیس نے وکلاء برادری کے تمام درپیش مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کیلئے انہیں یقین دہانی کرائی پولیس اور وکلاء باہمی احترام اور تعاون کے ذریعے مسائل کا حل یقینی بنائیں جبکہ اس موقع پر ڈسٹرکٹ حب بار ایسوی ایشن صدر حمل خان مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح پولیس کو اپنی وردی عزیز ہے، اسی طرح ہمیں بھی اپنا کالا کوٹ اور قانون کا احترام عزیز ہے، وکلاء برادری کے عزت و وقار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن صدر حمل خان مری نے ڈی آئی جی پولیس سے مخاطب ہوکر کہا کہ آپ آئے ہیں آپ تمام اعلیٰ صاحبان کا ہمیں بے حد دلی احترام ہے پولیس اور وکلاء کا چھولی دامن کا ساتھ ہے فریقین کے درمیان پیدا ہونے والی غلط فہمیوں اور تحفظات کو باہمی مذاکرات کے ذریعے دور کرلیا گیا جب میں وکلاء اور پولیس کے درمیان جاری صورتحال کے باعث پیدا ہونے والی کشیدگی پر حب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اور سول جج، ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل، ایس پی حب مرزا بلال حسن اور پولیس اعلیٰ حکام ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی کی جانب سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے فریقین نے معاملے کو افہام و تفہیم اور باہمی مشاورت کے ذریعے حل کرنے پر اتفاق کیا اس حوالے سے ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی نے حب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وکلاء، برادری سے ملاقات کی اور ان کے تحفظات سنے ملاقات کے دوران وکلاء اور پولیس کے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات اور مختلف امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی ملاقات میں اس بات پر زور دیا گیا کہ وکلاء اور پولیس معاشرے میں قانون اور انصاف کی بالادستی کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں اس لیے دونوں اداروں کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور بہتر روابط انتہائی ضروری ہیں ذرائع کے مطابق مذاکرات کے دوران فریقین نے ایک دوسرے کے مؤقف کو سنا اور معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کرنے پر اتفاق کیا وکلاء برادری اور پولیس کے درمیان جاری اختلافات کو ختم کرتے ہوئے آئندہ بھی باہمی رابطے اور افہام و تفہیم کے ذریعے مسائل حل کرنے کا عزم ظاہر کیا گیا فریقین کے درمیان اختلافات کے خاتمے کے بعد حب میں پیدا ہونے والی کشیدگی میں کمی آنے اور معمول کے ماحول کی بحالی کی امید پیدا ہوگئی ہے وکلاء، برادری اور پولیس کی جانب سے اس پیش رفت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ قانون کی بالادستی، شہریوں کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے دونوں فریق ایک دوسرے کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے اس موقع پر حب ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن صدر حمل خان مری نے کہا کہ حب ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن کے معزز وکلاء برادری سے معذرت کے بعد پولیس اور وکلاء کے درمیان پیدا ہونے والا خلا، خوش اسلوبی سے حل ہوگیا ہے حب ڈسٹرکٹ بار ایسوی ایشن وکلاء برادری نے پولیس کے خلاف جاری بائیکاٹ ختم کرنے کا اعلان کرتا ہے جس کے بعد عدالتی امور معمول کے مطابق بحال ہوگئے ہیں

بقیہ 23

وفد نے وفاقی آئینی عدالت پاکستان کا دورہ کیا۔ اس موقع پر شرکائے وفد کو ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی، جس کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت پاکستان کے قیام، آئینی منصب و دائرہ اختیار، ادارہ جاتی ارتقاء، انتظامی ساخت اور آئینی عدل کی شفاف، مؤثر اور بروقت فراہمی کے لیے روبہ عمل لائے گئے اقدامات کا جامع احاطہ کیا گیا۔ بعد ازاں، عدالت کے مختلف ونگز اور ڈائریکٹوریٹ کے سربراہان نے اپنے اپنے دائرہ کار، منصبی ذمہ داریوں، انتظامی طریق کار، تکنیکی پیش رفت اور جاری امور کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس ضمن میں عدالتی نظم و نسق، اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے بنیادی نظام، تحقیقی و قانونی معاونت، ذرائع ابلاغ و تعلقات عامہ، انتظام انسانی وسائل اور دیگر معاون شعبہ جات کے کردار پر بھی روشنی ڈالی گئی، جس سے شرکاء کو عدالت کے تنظیمی خدوخال اور طرز کار سے جامع آگاہی حاصل ہوئی۔ شرکائے وفد نے پروگرام کی جامعیت، ادارہ جاتی نظم و ضبط، پیشہ ورانہ معیار اور جدید انتظامی طرز عمل کو سراہتے ہوئے دورے کے دوران حسن میزبانی پر معزز رجسٹرار اور عدالتی انتظامیہ سے اظہار تشکر کیا۔ دورے کے اختتام پر معزز رجسٹرار، وفاقی آئینی عدالت پاکستان جناب محمد حفیظ اللہ خان اور وفد کے سربراہ اعتصام الحق کے درمیان یادگاری شیلڈ کا تبادلہ ہوا، جس کے بعد وفد نے معزز رجسٹرار کے ہمراہ یادگاری گروپ فوٹو بنوائی۔

بقیہ 24

ایچ او انڈسٹریل خیر محمد نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 2 مسروقہ موٹر سائیکلیں اور ایک پسٹل برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 25

۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر ایڈوکیٹ، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز صورت خان کاکڑ اور ملک یاسین بازئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کے قومی جرگہ کو کوئٹہ میں انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے اس جرگہ سے ہمارے پشتونخوا وطن کے تمام عوام کی امیدیں وابستہ ہے اور جرگہ ان کی ملی ارمانوں کی تکمیل اور اپنے قوم اور وطن کے روشن مستقبل کے لیے اجتماعی دانش کے تحت حکمت عملی طے کی جائے گی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ موجودہ سنگین صورتحال میں پشتون عوام کا نہ صرف معاشی قتل عام بلکہ نسل کشی بھی جاری رکھی گئی ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کوئٹہ کراچی شاہراہ پر پشتون عوام کی گاڑیوں کو چھیننے، بھتہ خوری، ٹرکوں، گاڑیوں سے لاکھوں روپے بھتہ لینے، گاڑیوں کے چوری کرنے، لوگوں کو اغواء کرکے بھتہ کے عیوض رہائی، باغات، زمینداروں سے بھتہ لینے کے واقعات، گاڑیوں، کوچز پر فائرنگ مالی و جانی نقصانات پہنچانے کے واقعات دن دہاڑے سرعام جاری ہیں اور حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے عوام کو سر و مال کی تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں۔ حکومت اپنی رٹ کے گن گا رہی ہے جبکہ کوئٹہ کے ریڈ زون کے علاوہ کہیں بھی امن وامان باقی نہیں رہا۔ شہریوں کے سر و مال کو سنگین خطرات لاحق ہو چکے ہیں، خوف وہراس کے اس ماحول میں نہ صرف کاروباری حضرات، تاجر، دکاندار، وکلاء، اساتذہ، ڈاکٹرز، زمیندار، کسان، ٹرانسپورٹرز، طلباء، نوجوان غیر محفوظ ہیں بلکہ والدین اپنے بچوں کے لیے شدید تذبذب اور ہیبت زدہ کا شکار ہو رہے ہیں۔ اجلاس میں کہا گیا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی یہ صورتحال ہے کہ ہر علاقے میں قتل وغارت، چوری، ڈکیتی، مسلح جتھوں کا سرعام گھومنا، ہنہ اوڑک میں مسلسل دہشت گردی کے واقعات کا رونما ہونا اور اس میں بے گناہ لوگوں کی شہادت کے واقعات کا ذمہ دار مسلط نام نہاد حکومت ہے۔ ایسی صورتحال میں کوئٹہ کے یہ پروقار اور پشتون قومی جرگہ تمام عوام کے نمائندگی کریگی اور اپنے عوام کو اس سنگین صورتحال سے نجات کے لیے ایک اہم کڑی ثابت ہوگی۔ پشتونخوا میپ کے کارکنان سوشل میڈیا پر کسی بھی غیر ضروری بحث و مباحثہ کرنے کی بجائے پشتون قوم کو درپیش صورتحال کو منظر پر لائیں اور انہیں اجاگر کریں اور سوشل میڈیا کے مثبت استعمال سے اپنے قوم کی اذیت ناک صورتحال سے نجات، اس کے روشن مستقبل اور جرگہ کے حوالے سے مثبت تجاویز کو سامنے رکھیں۔

بقیہ 26

مطابق گزشتہ روز تھانہ نیشنل فارم کے عملے نے دوران گشت 2 مشکوک افراد جو کہ ڈکیتی کی نیت سے کھڑے تھے پولیس کو دیکھتے ہی انہوں نے فائرنگ کردی پولیس کی جوابی کارروائی میں دونوں ملزمان کلا خان عرف جاوید اور ظہور احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 پسٹل بمعہ راؤنڈز، ایک موٹر سائیکل برآمد کرلی۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان ڈکیتی راہزنی اور دیگر سنگین مقدمات میں جعفرآباد اور سندھ پولیس کو مطلوب تھے جن کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 27

کی وجہ سے یہ مرکزی بی ایچ یو کم سے کم آر ایچ سی کیا جائے اور نئی میل ایم بی بی ایس ڈاکٹرز و دیگر سہولیات فراہم کی جائیں، مانجھی پور کی بجلی صحبت پور گرڈ سے منسلک ہے یہاں کی عوام مانجھی پور میں منی گرڈ کا مطالبہ کرتی ہے اس کے علاوہ یہاں پر سوئی گیس نایاب ہے جو کہ 2010 کے سیلاب میں بند ہوگیا تھا تاحال حکومت اور محکمے کی بے حسی کی وجہ سے یہاں کے لوگ قدرتی گیس کی سہولت سے محروم ہیں اس کے علاوہ اس ترقی یافتہ دور میں بھی مانجھی پور میں کمرشل بینک نہیں جس کی وجہ سے ملازمت پیشہ اور کاروباری حضرات سخت پریشان ہیں، اس کے علاوہ اس جدید دور میں بھی مانجھی پور میں کوئی بھی ٹاور نہیں لگا اللہ آباد سندھ میں مانجھی پور کے نام سے لگے ٹاور نے لوگوں کو ذہنی مریض بنا دیا ہے انتہائی ناقص سروس اور کم سگنلز کی وجہ سے لوگوں کو انٹرنیٹ کی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے اہلیان علاقہ نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور، کمشنر نصیرآباد ڈویژن سے مطالبہ کیا کہ وہ اس جدید دور میں اپنے ضلع کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بینکنگ حکام اور موبائل کمپنیوں سے خط و کتابت کرکے یہاں کی عوام کو سہولیات مہیا کریں اور حلقے کے ایم این اے اور ایم پی اے سے مطالبہ ہے کہ وہ سوئی گیس کی بحالی مانجھی پور میں منی گرڈ اسٹیشن کے قیام اور بی ایچ یو کی اپ گریڈیشن کے لیے اقدامات کریں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے خصوصی دلچسپی لیں مانجھی پور کی عوام نے خبردار کیا ہے کہ مندرجہ بالا مسائل اگر حل کیے گئے تو آگلی بار ووٹ بھی نہیں دیں گے۔

بقیہ 28

رکرلیا اس کے علاوہ ہزارہ ٹاؤن پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کے کیس میں مفرور ملزم عطاء اللہ کو جبکہ غیر قانونی رہائش پذیر 7 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا اور دوران چیکنگ 2 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور 10 بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کو بند کردیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 29

ار اختر مینگل کی صاحبزادی کے متعلق دیا ہے قبائلی روایات نہیں اور نہ ہی اسلامی اصولوں کی پاسداری ہے سیاست کریں، ضرور کریں۔ سردار اختر مینگل کی سیاست سے اختلاف ہے، ان کی جماعت سے اختلاف ہے، ان کے سیاسی مؤقف سے اختلاف ہے تو کھل کر اختلاف کریں۔ سیاسی میدان اسی لیے ہوتا ہے کہ دلیل کے ساتھ ایک دوسرے کا مؤقف رد کیا جائے۔ لیکن اس میں بہن بیٹیوں کو لانا کسی صورت ٹھیک نہیں ایک بیٹی کے نکاح کو سیاسی اختلاف کا ہتھیار نہ بنائیں۔ اگر کسی باپ نے اپنی بیٹی کا رشتہ اپنی مرضی، خاندان کی رضامندی اور شرعی اصولوں کے مطابق کسی دوسرے خاندان میں کیا ہے تو یہ اس کے گھر کا معاملہ ہے۔ وہ خاندان پنجابی ہو، سندھی ہو، پشتون ہو، بلوچ ہو یا کسی اور قوم سے تعلق رکھتا ہو، نکاح کو سیاسی وفاداری یا سیاسی غداری کا پیمانہ بنانا نہ سیاست ہے، نہ اخلاق، نہ قبائلی روایت اور نہ اسلامی تعلیم۔ آپ کے اس بیان سے آپ کی ذہنی پسماندگی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے جمہوری معاشروں میں اس طرح کی سوچ کی نفی کی جاتی ہے اور ہم بھی یہی کریں گے اور آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سوچ کو ختم کریں سیاسی بیان دیتے ہوئے مناسب الفاظ کا چناؤ کریں، بہن بیٹیوں پہ بات کرنے سے گریز کیا جائے عزتیں سب کی سانجھی ہیں کیا کسی پنجابی سے رشتہ کرنا پنجاب کی ساری بیوروکریسی کے فیصلوں کی حمایت ہے؟ یہ منطق بھی عجیب ہے کہ اگر سردار اختر مینگل پنجابی اسٹیبلشمنٹ، پنجاب کی بعض سیاسی پالیسیوں یا بلوچستان کے حقوق کے معاملے پر تنقید کرتے ہیں تو ان کی بیٹی کا رشتہ کسی پنجابی خاندان میں ہونا ان کے سیاسی مؤقف کے خلاف ثبوت بن گیا۔ تو پھر کیا دنیا میں ہر شخص اپنے سیاسی مخالف قوم، جماعت یا علاقے کے ہر فرد سے رشتہ توڑ دے؟ کیا ایک سندھی سے رشتہ کرنے والا بلوچ سندھی سیاست کا حامی ہوگیا؟ کیا ایک پشتون خاندان میں رشتہ ہونے سے کوئی شخص پشتون سیاست کا نمائندہ بن گیا؟ کیا مختلف قوموں کے درمیان رشتے، دوستیاں اور کاروباری تعلقات ختم کر دیے جائیں تاکہ سیاست کے معیار پر پورا اترا جاسکے؟ اگر ایسا ہے تو پھر ہمیں اس معاشرے کے خاندانی اور قبائلی ڈھانچے کو بھی سمجھنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 30

مناسب قیمت نہ ملنے جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سمجھتی ہے کہ زرعی پالیسی صرف اعلانات تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس کے ثمرات براہ راست کسان تک پہنچنے چاہئیں جدید ٹیکنالوجی، پانی کے بہتر انتظام، معیاری بیج، سستی زرعی سہولیات اور کسانوں کو ان کی پیداوار کی مناسب قیمت کی ضمانت دی جائے۔ ملک غفار خان کاکڑ نے کہا کہ مضبوط زراعت ہی مضبوط معیشت کی بنیاد ہے حکومت کو چاہیے کہ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہوکر کسان دوست اور طویل المدتی قومی زرعی پالیسی تشکیل دے تاکہ پاکستان نہ صرف زرعی پیداوار میں خود کفیل ہو بلکہ اپنی زرعی مصنوعات کو عالمی منڈی میں بھی مؤثر انداز میں متعارف کرا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملک کے کسانوں کے حقوق، معاشی استحکام اور ایک خود مختار و خوشحال پاکستان کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 31

عظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کے دور اندیش وژن کی عکاسی کرتا ہے، جسے وفاقی وزیر پیٹرولیم جناب علی پرویز ملک کی موثر قیادت میں عملی جامہ پہنایا گیا، جس کے نتیجے میں غیر دریافت شدہ اور دشوار ترین سرحدی علاقوں میں دریافتی سرگرمیاں ممکن ہوئی ہیں۔ اس دریافت کے ساتھ پی پی ایل نے ایک فعال پیٹرولیم نظام کی موجودگی کو ثابت کرتے ہوئے دلدلی زمینی علاقوں اور اس کے متعلقہ کم گہرائی والے سمندری علاقے (Shallow Offshore) میں ممکنہ نئی دریافتوں کے لئے سرحد کھول دی ہے، جس سے پاکستان کے کم گہرائی والے سمندری علاقوں کی دریافتی صلاحیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ یہ علاقہ اپنی دشوار گزار جغرافیائی صورتحال کے باعث طویل عرصے سے دریافت کے لیے ناقابل رسائی تصور کیا جاتا رہا ہے۔ پی پی ایل پہلی دریافتی و پیداواری کمپنی ہے جس نے اس مشکل دلدلی خطے میں جغرافیائی رکاوٹوں پر قابو پاتے ہوئے خصوصی ٹرانزیشن آلات کامیابی سے استعمال کئے، جن کے ذریعے اہم 2 ڈی اور 3 ڈی سائزمک ڈیٹا حاصل کیا۔ یوں ایک غیر دریافت شدہ سرحدی علاقے کو ثابت شدہ پیٹرولیم پلے میں تبدیل کر دیا گیا۔ کی کھدائی کا آغاز 17 اپریل 2026 کو کیا گیا اور چلتن فارمیشن میں ہائیڈروکاربن کے امکانات کی جانچ کے لئے اسے 3,850 میٹر ایم ڈی کی گہرائی تک کھودا گیا۔ X-1 کنویں ڈولفن کھدائی کے نتائج اور حاصل کردہ وائر لائن لاگز کی بنیاد پر ہائیڈروکاربن پر مشتمل زون کی نشاندہی کی گئی۔ جانچ کے دوران چلتن فارمیشن سے 64/32 انچ چوک سائز اور 211 پی ایس آئی جی ویل ہیڈ فلونگ پریشر پر 1000 بی ٹی یو ایس سی ایف حرارتی قدر کی حامل یومیہ 0.942 ایم ایم ایس سی ایف کی شرح سے اعلیٰ درجے کی گیس حاصل ہوئی۔ سیرانی بلاک میں پی پی ایل آپریٹر کی حیثیت سے 75 فیصد کاروباری شراکت کی حامل ہے جبکہ اس کی جوائنٹ وینچر گورنمنٹ ہولڈنگز پرائیویٹ لمیٹڈ) جی ایچ پی ایل (کی شراکت 25 فیصد ہے۔ اس کنویں کو کمپنی کے ماہرین کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کھودا اور جانچا گیا، جس کے نتیجے میں چلتن لائم اسٹون میں ایک نئے ہائیڈروکاربن پلے کی دریافت ہوئی ہے۔ منصوبے کے تمام مراحل کے دوران پاکستان نیوی کے گراں قدر تعاون کی شکر گزار ہے۔ X-1 پی پی ایل، ڈولفن ارضیاتی، جیوفزیکل اور انجینئرنگ ٹیسٹ ڈیٹا کی ابتدائی نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ ذخائر کی نوعیت ثابت ہے۔ تاہم، اس امر کی حتمی تصدیق کھدائی اور جانچ کے دوران حاصل کردہ ارضیاتی اور ارضی طبعیاتی) جی اینڈ جی (اور ریزروائر انجینئرنگ کے ڈیٹا کے مزید تفصیلی جائزے سے ہوگی۔

بقیہ 32

میونسپل کارپوریشن کے انجینئرز اور کنسلٹنٹ فرم کے نمائندے اور اسسٹنٹ کمشنر اوتھل شریک ہوئے ڈی سی حب جمعداد خان مندوخیل اور پی ڈی حب ماسٹر پلان ارباب ایوب کاسی نے ماسٹر پلان پراجیکٹ کے حوالے سے کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی کمشنر سائرہ عطا نے بریفنگ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ماڈرنائزیشن کی جانب حب ماسٹر پلان اہم منصوبہ ہے شہری آبادی کو سہولیات فراہمی فیزیبلٹی اس میں شامل کی گئی ہے ماسٹر پلان پراجیکٹ پر کام کسی صورت نہیں رکنا چاہیے کمشنر سائرہ عطا نے کہا کہ جتنے فنڈز جاری ہوئے ہیں ماسٹر پلان میں شامل منصوبوں کی فزیکل فنانشل پروگریس خود چیک کرونگی ترقیاتی منصوبے ملٹی میڈیا پر نہیں آن گراؤنڈ نظر آنے چاہیے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے احکامات جاری کیں کہ پروجیکٹ کی ضروریات کے مطابق فنڈز اجرا تک سڑکوں کی توڑ پھوڑ نہیں ہونی چاہیے کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے پراجیکٹ ڈائریکٹر ماسٹر نے بریفنگ میں کمشنر کو بتایا کہ حب کی شہری آبادی کا 30 فیصد صنعتی اور 70 فیصد شہری اور زرعی ایریاز پر مشتمل ہے ماسٹر پلان فیز ون میں چھ پراجیکٹ شامل کئے ہیں انہوں نے بتایا کہ حب کے ماسٹر پلان کے 6 بلین کے پراجیکٹ کیلئے رواں سال 14 کروڑ فنڈز کی منظوری ہوئی ہیں حب سٹی کے انٹری مقام پر گیٹ اور ماڈرن بس ٹرمینل بنانے جا رہے ہیں انٹرسٹی بس ٹرمینل کی فاؤنڈیشن اور گرین ایریا ماسٹر پلان کا حصہ ہے ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل نے بریفنگ میں کمشنر کو بتایا کہ دو بلین کی لاگت سے ڈی سی کمپلیکس حب اور افیسر کالونی پر کام جاری ہے ڈی سی کمپلیکس کی چالیس فیصد فزیکل اور 32 فیصد فنانشل پروگریس ہوئے ہے آفیسر کالونی کی 30 فیصد فزیکل اور 20 فیصد فنانشل پروگریس ہوئے ہے ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل نے بریفنگ میں بتایا کہ آر سی ڈی بائی پاس روڈ کے 5 کلومیٹر ایریا میں ڈرینج اور سیوریج منصوبے پر ماسٹر پلان کے تحت کام جاری ہے ایک کلومیٹر سیوریج لائن ایک سو میٹر کی ڈرینج لائن پر کام ہو چکا ہے پراجیکٹ ڈائریکٹر ارباب ایوب کاسی نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ سروس کوریڈور دونوں اطراف بحریہ ٹاؤن کی طرز پر ڈیزائن کی گئی ہے مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے انڈر گراؤنڈ الیکٹرک کیبل پر کام جاری ہے پہلے مرحلے میں سیوریج واٹر سپلائی ڈرینج دوسرے مرحلے میں روڈ کی بلیک ٹاپنگ شامل ہیڈی سی جمعداد مندوخیل اور پراجیکٹ ڈائریکٹر ارباب ایوب کاسی نے مشترکہ بریفنگ میں کمشنر کو بتایا کہ جون 2026 تک منصوبوں کی تکمیل فنڈز فراہمی سے مشروط ہے بریفنگ میں بتایا گیا کہ واٹر سپلائی اپ گریڈیشن مین آر سی ڈی روڈ حب بائی پاس سے منسلک لنک روڈ منصوبے میں شامل ہیں جام غلام قادر اسٹیڈیم حب میں جدید طرز تعمیر کا اسپورٹس کمپلیکس ڈیزائن کیا ہے آر سی ڈی بائی پاس پر بس اسٹینڈ خواتین کیلئے جم پارک کی تعمیر پر جلد کام شروع ہوگا اور حب الہ آباد ٹاؤن اور جام غلام قادر کمپلیکس حب کا کام مکمل ہونے پر اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ کو ہینڈ اوور کئے جائینگے سروس روڈ کی تعمیر کے حوالے میں کمشنر کو بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ سوئی گیس اور کے الیکٹرک حکام سے کوآرڈینیشن میٹنگ جلد کال کی جائیگی حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ عدالت روڈ مری چوک ٹولیڈا روڈ تجاوزات ختم کئے جا رہے ہیں عدالت روڈ سے لنک پیر کس روڈ میں سیوریج اور ڈرینج پر کام ہو رہا ہے پراجیکٹ ڈائریکٹر ارباب ایوب کاسی نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ رواں مالی سال کے بجٹ میں 6 بلین کے پراجیکٹ کا چار فیصد بھی ایلوکیشن نہیں ہوا ہے مطلوبہ فنڈز کے حصول کیلئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات سے رابطہ کیا جائیگا کمشنر نے حکام کو حب ماسٹر پلان پر کام تیز کرنے کیلئے سوئی گیس اور کے الیکٹرک حکام سے جوائنٹ کوآرڈینیشن میٹنگ کے احکامات جاری کر دیے۔

بقیہ 33

عسکری اسٹیبلشمنٹ بری الذمہ نہیں ہوسکتے۔ جگر گوشے لاپتہ، شاہراہیں غیر محفوظ، تجارت یارڈرز بند، عوام اب گیس بجلی پانی تعلیم و روزگار کے بجائے امن یعنی جان و مال کی حفاظت کیلئے پریشان ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں انہوں نے گوادر میں جماعت اسلامی گوادر کیا جتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں تنظیمی استحکام، عوامی مسائل اور تعلیمی نظام پر اہم مشاورت ہوئی۔ جماعت اسلامی ضلع گوادر کے ارکان کا اہم اجتماع امیر جماعت اسلامی ضلع گوادر سعید احمد بلوچ کی زیر صدارت دارالعلوم پبلک اسکول گوادر میں منعقد ہوا جس میں امیر جماعت اسلامی بلوچستان وایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمن صاحب نے خصوصی شرکت کی جبکہ ضلع بھر سے کثیر تعداد میں ارکان نے شرکت کی۔

روزانہ گاڑیوں کو بلاجواز روکنے سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو بھاری مالی نقصان ہو رہا ہے، حاجی روزی خان

بلوچستان بدترین معاشی حالات، بدامنی اور کاروباری جمود کا شکار ہے، بلوچستان گڈز

ہیوی ٹرانسپورٹ کو مبینہ طور پر بیگار اور مختلف سیکیورٹی وجوہات کے نام پر روزانہ گھنٹوں روکنا اور کھڑا کرنا ناقابل برداشت ہو چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان حاجی روزی خان مندوخیل نے اپنے ایک سخت ترین بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی بدترین معاشی حالات، بدامنی اور کاروباری جمود کا شکار ہے، کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، مگر اس کے باوجود ٹریفک پولیس کی جانب سے جبل نور، ایئرپورٹ روڈ اور مغربی بائی پاس پر ہیوی ٹرانسپورٹ کو مبینہ طور پر بیگار اور مختلف سیکیورٹی وجوہات کے نام پر رو (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک چلائیں، حلیم صادق

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے، عوام پاکستان پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان نے کوئٹہ میں گیس، بجلی اور پانی کے سنگین بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام قومی و صوبائی سیاسی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کیلئے مشترکہ تحریک شروع کی جائے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں بجلی، گیس اور پانی کے بحران نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے اور عوام شدید مشکلات واذیت سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے موسم (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

سی پولیس نے غیر قانونی اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) سی پولیس نے غیر قانونی اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سی پولیس نے چیکنگ کے دوران ایک شخص کو روک کر چیک کیا تو اس کے قبضے سے ایک غیر قانونی پسٹل بمعہ میگزین اور راؤنڈ برآمد کرلیا اور ایک (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

سینیٹر مولانا عبدالواسع کا ہوٹل ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد سے اہم ملاقات

متعلقہ حکام سے ملاقاتیں کر کے مسئلے کے مستقل اور قابل قبول حل کی طرف پیش رفت کی جائیگی، بات چیت

ہوٹل ایسوسی ایشن کے ذمہ داران نے انہیں درپیش مسائل، مشکلات اور کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں سے آگاہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) ہوٹل ایسوسی ایشن کے درپیش مسائل کے حل اور ان کے جائز مطالبات کے لیے جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع بڑے وفد کے ہمراہ کراچی جا کر جہاں انہوں نے ہوٹل ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد سے اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر ہوٹل ایسوسی ایشن کے ذمہ داران نے انہیں درپیش مسائل، مشکلات اور کاروباری سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ: اسپنی روڈ پر ایک پھل فروش گاہکوں کا انتظار کر رہا ہے

درسی کتب کے معیار میں بہتری کے لیے تین روزہ تربیتی ورکشاپ

بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی استعداد کار بڑھانے پر زور دیا

طلبہ واساتذہ کو ای بکس، ویڈیوز، کورسز اور نصابی مواد تک رسائی فراہم ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے زیر اہتمام بک رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ لینے والوں کی استعداد کار میں اضافے، درسی کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے حوالے سے تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس کی افتتاحی تقریب سے سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر، چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

پاکستان پیپلز پارٹی جیالوں کی جماعت ہے، حاجی خان محمد بڑیچ

پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں، کارکنوں سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی جیالوں کی جماعت ہے اور جیالوں نے ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

شہداء زیارت کی عظیم قربانی نے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین اور عوام کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے

شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، دھرنا کمیٹی زیارت

دھرنا کمیٹی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے زیر اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے موقع پر زیارت بازار میں ایک عظیم الشان ریلی

زیارت (آن لائن) دھرنا کمیٹی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے زیر اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے موقع پر زیارت بازار میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جو شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی حنظئی سر پلازہ پہنچ کر بڑے جلسہ عام میں تبدیل ہوگئی۔ جلسے کی صدارت جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر مولانا نور الحق نے کی۔ جلسے سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتو (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

نصیر احمد بازئی، ریٹائرڈ ملازم محکمہ بی اینڈ آر، گزشتہ روز بہ رضائے الٰہی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) نصیر احمد بازئی، ریٹائرڈ ملازم محکمہ بی اینڈ آر، گزشتہ روز بہ رضائے الٰہی انتقال کر گئے ہیں۔ مرحوم شعیب خان، ذوہیب خان اور طیب خان کے والد، حاجی عبدالخالق مرحوم کے بھائی، عمر شاہ مشوانی، اصغر شاہ اور اکبر شاہ کے بہنوئی، جبکہ محمد خالد، محمد طارق اور عبداللہ بازئی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کی صوبائی کمیٹی کا اجلاس

پشتونخوا وطن کو جنگ کا میدان بنانے کی کوششیں جاری ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کی صوبائی کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر جانان افغان کی صدارت میں حاجی یونس مہمند کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی گئی۔ ساتھیوں نے اتفاق رائے سے صوبائی ایگزیکٹو کی گزشتہ اجلاسوں کے فیصلوں اور رپورٹ کا تنقیدی جائزہ لینے کے بعد صوبائی ایگزیکٹو کے اجلاسوں کے فیصلوں، صوبائی ایگزیکٹو اور اضلاع کی رپورٹس کی منظوری دی۔ اجلاس میں رحیم یار خان، لاہور، ملتان، اٹک اور فیصل آباد سے پارٹی ساتھیوں نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی کے فرائض صوبائی جنرل سیکر (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

بلوچستان کو نوگو ایریا بنا کر شاہراہوں و عوام کو غیر محفوظ بنا دیا گیا ہے

جماعت اسلامی

جماعت اسلامی عوام کے درمیان رہ کر عوامی مسائل کے حل کی کوشش کر رہی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی کے پلیٹ سے حل ہو سکتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی کے پلیٹ سے حل ہو سکتے ہیں پورے بلوچستان میں جماعت اسلامی کی پارلیمانی، فلاحی، دینی سیاسی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ بلوچستان کو نوگو ایریا بنا کر شاہراہوں و عوام کو غیر محفوظ بنا دیا گیا ہے بھارت افغانستان کو الزام دیکر ہمارے طاقتور طبقات حکومت (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، سیکرٹری ثانوی تعلیم لعل جان جعفر اور چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ ڈاکٹر گلاب خان خلجی، ماہر تعلیم، کتب رائٹرز، ایڈیٹرز اور جائزہ کاروں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے منعقدہ تین روزہ تربیتی ورکشاپ کے افتتاح کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کے زیر صدارت اجلاس

ماڈرنائزیشن کی جانب حب ماسٹر پلان اہم منصوبہ ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کے زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال حب ماسٹر پلان اور سیف سٹی پراجیکٹ کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ڈی آئی جی لسبیلہ رینج عبدالقیوم پتافی ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، ایس ایس پی حب بیرز ابلال حسن چیئرمین ایم سی حب گل حسن محمد حسنی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

حب سٹی پولیس اور وکلا برادری کے حالیہ معاملے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے اصولی مؤقف کی تائید وحمایت

کوئٹہ (آن لائن) حب سٹی پولیس اور وکلا برادری کے حالیہ معاملے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے اصولی مؤقف کی تا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

تھانہ منظور شہید کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ منظور شہید کے علاقے میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

پی پی ایل کی خشکی اور سمندر کے کنارے پر نئے ہائیڈروکاربن پلے کی دریافت

یہ جراسک دور کی لوئر انڈس بیسن کی چلتن فارمیشن سے ہائیڈروکاربن کی سب سے پہلی دریافت ہے

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ (پی پی ایل) کے لئے قابل فخر ہے کہ اس نے ضلع سجاول، سندھ میں واقع اپنے آپریٹڈ سرانی بلاک کے دریافتی کنوئیں ڈولفن سے گیس کی ایک منفرد اور اہم دریافت کی ہے۔ یہ جراسک دور کی لوئر انڈس بیسن کی چلتن فارمیشن سے ہائیڈروکاربن کی سب سے پہلی دریافت ہے۔ X-1 یہ اہم سنگ میل عزت مآب وزیرا (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

دھرنا کمیٹی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے زیر اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے تعزیتی جلسہ عام کی قراردادیں

زیارت (آن لائن) 1۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ عام، مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن فیز تھری کے تمام شہداء کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ 2۔ آج کا یہ تعزیتی جلسہ مطالبہ کرتی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مضبوط زراعت ہی مضبوط معیشت کی بنیاد ہے، غفار خان کاکڑ

ملکی معیشت کے استحکام کیلئے جامع اور جدید قومی زرعی پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک غفار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک میں زرعی شعبے کی ترقی، کسانوں کی خوشحالی اور ملکی معیشت کے استحکام کے لیے ایک جامع اور جدید قومی زرعی پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے پاکستان ایک زرعی ملک ہے لیکن بدقسمتی سے کسان آج بھی مہنگی بجلی، کھاد، بیج، زرعی ادویات اور پیداوار کی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

مفرور اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2 ملزمان 14 افغان باشندے گرفتار

مفرور ملزم عطاء اللہ کو جبکہ غیر قانونی رہائش پذیر 7 افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ پشتون آباد اور ہزارہ ٹاؤن کے عملے نے مختلف کارروائیوں میں مفرور اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2 ملزمان جبکہ 14 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا۔ اور بغیر نمبر پلیٹ کے 10 موٹر سائیکلیں بند کردیں پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او پشتون آباد فضل الرحمٰن خلجی نے کارروائی کرتے ہوئے کرایہ داری ایکٹ کے کیس میں ملزم فضل رحیم جبکہ غیر قانونی طور پر رہائش پذیر 7 افغان باشندوں کو گرفتا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

چیئرمین بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک اویس جدون کی طرف سے میر علی حسن کے بیان کی مذمت

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک اویس جدون نے کہا کہ میر علی حسن کے بیان کی ہم مذمت کرتے ہیں جو انہوں نے بلوچستان کے ہر دلعزیز قومی لیڈر سردا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

جعفرآباد پولیس سے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ اور ایک موٹر سائیکل برآمد

کوئٹہ (آن لائن) جعفرآباد پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرلی پولیس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

تحصیل مانجھی پور مسائل کا گڑھ بن چکا ہے، گیس ناپید، موبائل ٹاور سے محروم، فوری نوٹس کا مطالبہ

مانجھی پور (آن لائن) تحصیل مانجھی پور مسائل کا گڑھ بن چکا، گیس ناپید، موبائل ٹاور سے محروم بینک کا نہ ہونا بی ایچ یو کی اپ گریڈیشن و دیگر مسائل سے گوناگوں شہر کے مسائل کون حل کرے گا شہری پریشان، تفصیلات کے مطابق کم و بیش پچیس ہزار آبادی رکھنے والا شہر جس میں اردگرد کی آباد ملاکر کم و بیش 40 ہزار کے لگ بھگ ہوگی مگر سہولیات کا فقدان ہے 1946 میں بنی ڈسپنسری تاحال بی ایچ یو کے طور پر استعمال ہو رہی ہے علاقے کی آبادی اور سندھ باڈر پر ہونے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

خونریز واقعات مسلط حکومت کی ناکامی کے سوا کچھ نہیں، پشتونخوامیپ

امن وامان کے قیام اور تمام عوام کے سرومال کو تحفظ دینے کیلئے اقدامات کیے جائیں

بیان میں تمام واقعات میں متاثر ہونیوالے خاندانوں سے پارٹی دکھ و افسوس کا اظہار کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ کے ہنہ اوڑک، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر قلات میں ابراہیم درانی کے قتل، چمن کے تاجر اشرف خان اچکزئی، قلعہ سیف اللہ کے منان خان ٹھیکیدار اور مختلف ٹرانسپورٹرز سمیت پشتون عوام سے گاڑیاں چھیننے، کروڑوں کی گاڑیوں، املاک کو جلانے، بھتہ خوری کے واقعات کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسلط نام نہاد نااہل فارم 47 کی حکومت محض طفل تسلیوں سے ریاستی رٹ بحال نہیں کر سکتی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہنہ اوڑک میں گزشتہ دنوں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی 30 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم اور روزویکسین کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سید شراف آغا کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ منعقدہ کوئٹہ کی تیاریوں کا جائزہ اجلاس

پشتون عوام کا معاشی قتل عام اور نسل کشی جاری ہے، پشتونخوامیپ

تشکیل دی گئی کمیٹیوں میں ذمہ داریاں سونپی گئیں، جرگہ کی کامیابی کے لیے بھرپور محنت کی ہدایات

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت پشتون قومی جرگہ منعقدہ کوئٹہ کے تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں 30، 31 اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں ہونیوالے جرگہ کی تمام تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اس سلسلے میں تشکیل دی گئی کمیٹیوں کو اپنی ذمہ داریاں سونپی گئیں (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

سول سروسز اکیڈمی کے 54 ویں مشترکہ تربیتی پروگرام کے وفد کا وفاقی آئینی عدالت پاکستان کا مطالعاتی دورہ

اسلام آباد (آن لائن) سول سروسز اکیڈمی کے 54 ویں مشترکہ تربیتی پروگرام کے وفد نے وفاقی آئینی عدالت پاکستان کا مطالعاتی دورہ کیا ہے۔ سول سروسز اکیڈمی، لاہور کمشترکہ تربیتی پروگرام کے تحت اسلام آباد کے مطالعاتی دورے پر آئے گروپ نمبر 1 کے 32 رکنی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمر دشتی ملاقات کر رہے ہیں

حب میں وکلاء اور پولیس کے درمیان اختلافات ختم ہوگیا

باہمی مذاکرات کے بعد بار ایسوسی ایشن کا پولیس بائیکاٹ ختم کرنے کا اعلان

حب (آن لائن) حب ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء برادری اور پولیس کے درمیان پچھلے کئی دنوں سے جاری اختلافات خوش اسلوبی سے ختم ہو گیا ہے۔ حب ڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل سنیچر کو گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل سنیچر کو گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل اور پسٹل برآمد کرلیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی قائدآباد علی رضا اور ڈی ایس پی پشتون آباد مقصود احمد لغاری کی نگرانی میں ایس (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بلوچستان کو بدامنی، احساس کمتری اور عدم استحکام کی اس نہج پر لا کھڑا کیا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

قومی شاہراہوں پر عام عوام اور تاجر کی جان و مال غیر محفوظ ہے

جمعیت نظریاتی

مقامی لوگوں کی تحفظات اور خدشات کو دور کرے حکومت ترقی اور خوشحالی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمودالحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی و دیگر نے کہا کہ بلوچستان کے مسال کے حل کے لیے مقامی لوگوں کی تحفظات اور (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

معصوم بچوں کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، ڈاکٹر نادر

ڈیوٹی میں غفلت برتنے والے عملے کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں گے

موسیٰ خیل (خ ن) ضلع موسیٰ خیل میں بچوں کو مہلک اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) کے نظام کو مؤثر بنانے اور فیلڈ و مراکز کی سطح پر صحت کی سہولیات کا جائزہ لینے کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر ایسوٹ نے مختلف بنیادی مراکز صحت کشپان، خان محمد کوٹ اور اردگرد کے فیلڈ علاقوں کا تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد کے حوالے سے کارروائیاں خلاف ورزی پر 15 دکاندار گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کی آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد کے حوالے سے کارروائیاں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

کوہلو نیوکلی کے مکینوں کو گزشتہ کئی ماہ سے پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی کے مکین گزشتہ کئی ماہ سے پینے کے صاف پانی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلزئی کا دکی بازار کا دورہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلزئی نے دکی بازار کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں مختلف دکانوں، پولٹری شاپس اور قصاب کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر مرغی، گوشت اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، مقررہ نرخ ناموں، گرانفروشی، ناجائز منافع خوری اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کی کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت

بلوچستان کے روڈ سیکٹر منصوبوں میں سست روی ناقابل برداشت ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کے زیر صدارت بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس کے روڈ سیکٹر فیز ون اور ٹو پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں پراجیکٹ کوآرڈینیٹر بلوچستان سوشیو اکنامک ڈیولپمنٹ پراجیکٹس شہزاد حسن جعفر چیف انجینئر قلات خضدار زون عزیز اللہ کاسی چیف انجینئر نصیر آباد زون محمد بشیر ناصر ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی کے علاوہ جھل مگسی شیرانی گوادر خضدار نوشکی پنجگور ژوب واشک اور آواران کے ضلعی انجینئرز آفیسران نے شرکت کی اجلاس کو روڈ سیکٹر فیز ون اور ٹو کے تمام تر قیا (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ریلوے ملازم نصرت خان کا ریٹائرمنٹ سے متعلق مسئلہ حل کروا دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار ریلوے ملازم نصرت خان کا ریٹائرمنٹ سے متعلق مسئلہ حل کروا دیا گیا۔ درخواست گزار نصرت خان نے بتایا کہ وہ 38 برس ریلوے میں فرنسٹری ملازمت کرنے کے بعد جب محکمے کو ریٹائرمنٹ کی درخواست دی۔ تو ا (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

منشیات کیخلاف زیرو ٹالرینس ہوگی، ایس ایس پی پشین

گزشتہ سات ماہ کے دوران تقریبا سترہ کلوگرام منشیات برآمد کرلیا گیا

پشین (آن لائن) ایس ڈی پی او سید عظمت حسین شاہ گیلانی نے کہا کہ ایس ایس پی پشین نوید عالم کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے اسپیشل ٹیم ورک کے ذریعے چوری کی وارداتوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے گزشتہ تین روز کے دوران مختلف وارداتوں میں ملوث چھ مشتبہ افراد کرلیا گیا۔ سید عظمت شاہ نے بتایا کہ چور مختلف مقامات سے موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء چوری کرنے میں سرگرم رہے، جبکہ بعض وارداتوں میں چوری شدہ سامان کی خرید و فروخت کا معاملہ بھی سامنے آیا ہے۔ وارداتوں سے متعلق معلومات (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بلوچستان ریزیڈینشل کالج لورالائی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

قومی یکجہتی، بھائی چارے، رواداری اور قانون کی پاسداری کو فروغ دینا ہوگا

لورالائی (خ ن) یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے سلسلے میں بلوچستان ریزیڈینشل کالج (BRC) لورالائی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) لورالائی محمد اسماعیل مینگل، اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم، ایس ڈی پی او محمد اکبر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی احسان اللہ اور دیگر معززین، اساتذہ و طلبہ نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل نے کہا کہ 14 اگست ہمارے لیے محض ایک قومی دن نہیں بلکہ آزادی کی قدر، قربانیوں کی یاد اور پا (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

بلوچستان نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کے شعبے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کے شعبے میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ آغا خان یونیورسٹی کے آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق بلوچستان میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج 56.6 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جو ماضی کے مقابلے میں 19 فیصد اضافہ ہے۔

قلات ٹول پلازہ کے قریب مسلح ڈاکوؤں کی کوچ پر فائرنگ

مسافروں سے موبائل فون، نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار

کوئٹہ (آن لائن) قلات ٹول پلازہ کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے کوچ پر فائرنگ کردی اور مسافروں سے موبائل فون، نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے واقعہ کے خلاف مسافروں نے احتجاج کیا اور ایس ایچ او کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز قلات ٹول پلازہ کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے کوچ پر فائرنگ کردی کوچ میں سوار تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ایس ڈی پی او پشین سید عظمت حسین گیلانی میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں، دوسری جانب مسروقہ سامان میڈیا کو دکھایا جارہا ہے

ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

انتظامیہ اس سلسلے میں اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے پرعزم ہے

مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں شہریوں نے اپنے درپیش مسائل، شکایات اور مشکلات سے ضلعی انتظامیہ کو براہ راست آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی شکایات کو توجہ اور تحمل سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس کھلی کچہری کا بنیادی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

جامعہ تربت میں اسپرنگ 2027 کیلئے 64 سے زائد انڈر گریجویٹ و گریجویٹ پروگرامز میں داخلے شروع

تربت (خ ن) جامعہ تربت نے تعلیمی سال 2027 اسپرنگ کے لیے انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ سطح کے 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بی ایس کے 19 پروگرامز، ایسوسی ایٹ ڈگری کے 16 پروگرامز اور پوسٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

بلوچستان صرف ایک خطے کا نام نہیں بلکہ قوموں زبانوں، ثقافتوں کا گلدستہ ہے، رہنما پریس کلب

کوئٹہ شہر کو درپیش مسائل اور بحرانوں سے نکلنے کیلئے مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے، اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، سابق صدر رضا الرحمٰن، تنظیم الاعوان کے چیئرمین ملک سعید اعوان اور سلیم سرائیکی نے کہا ہے کہ بلوچستان صرف ایک خطے کا نام نہیں بلکہ قوموں، زبانوں، ثقافتوں کا گلدستہ ہے، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے بلوچ، پشتون اقوام یہاں آباد برادریوں، مذہبی اقلیتوں کے اتحاد کیلئے مستقل مزاجی کے ساتھ جس جدوجہد کا آغاز کیا ہے وہ قابل ستائش ہے، انہوں نے بلوچستان کے اجتماعی قومی مفادات کا ہر فورم پر دفاع کیا ہے، کوئٹہ شہر کو درپیش مسائل اور بحرانوں سے نکلنے کیلئے مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے

نئے صوبوں کا مطالبہ کرنے والے وزرا فارم 47 والے ہیں: نبیل گبول

کراچی (آن لائن) پیپلز پارٹی کے رہنما نبیل گبول نے نئے صوبوں سے متعلق موقف دیتے ہوئے کہا ہے کہ فارم 47 کے وزرا ہی نئے صوبوں کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ن لیگ کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں نبیل گبول نے کہا کہ الٹی گنتی دسمبر سے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

کوئٹہ، اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ سب ڈویژن (سریاب) کے مختلف علاقوں میں تندوروں کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون/ فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com